دوسری روایت ہی ابی رافع سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک شخص کو بنی مخزوم سے

عَلَى الصَّدَقَةِ فَقَالَ لِاَبِيْ رَافِعٍ اصْحَبْنِيْ كَيْمَا تُصِيْبَ مِنْهَا فَقَالَ لَا حَتّٰى اٰتِيَ

زکوۃ لینے کو پس کہا اوسنے ابو رافع کو ساتھ ہو میرے تا کہ پہونچے تو اوس زکوۃ مین سے پس کہا ابو رافع نے نہین ہوتا مین

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْئَلَهٗ فَانْطَلَقَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر پوچھون نہین اوسسے کہ ساتھ جاؤن یا نہ جاؤن پس گیا وہ طرف نبی صلعم کے پس پوچھا

اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لَنَا وَاِنَّ مَوَالِيَ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

کہ تحقیق صدقہ نہین حلال واسطے ہمارے اور تحقیق موالی قوم کا اوسی قوم مین سے ہے روایت کی یہ ترمذی

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہی عبداللہ بن عمرو سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَّلَا لِذِيْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ

علیہ وسلم نے نہین حلال ہی زکوۃ غنی کے لیے اور نہ واسطے صاحب قوت تندرست کے روایت کی یہ ترمذی اور

اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

ابوداؤد اور دارمی نے اور روایت کی احمد اور نسائی اور ابن ماجہ نے ابی ہریرہ سے۔

وَعَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ رَجُلَانِ اَنَّهُمَا

اور روایت ہی عبیداللہ بن عدی بن خیار سے کہا خبر دی مجکو دو شخصون نے کہ تحقیق وہ دونو

اَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ يَقْسِمُ الصَّدَقَةَ فَسَاَلَاهُ

آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور حضرت اونہی حجۃ الوداع مین اور وہ بانٹتے تھے مال زکوۃ پس مانگا اون دونونے

مِنْهَا فَرَفَعَ فِيْنَا النَّظَرَ وَخَفَضَهٗ فَرَاٰنَا جَلْدَيْنِ فَقَالَ اِنْ شِئْتُمَا اَعْطَيْتُكُمَا

صدقہ مین سے پس بلند کی حضرت نے ہم مین نظر اور پست کی پس دیکھا ہمکو قوی پس کہا اگر چاہو تم تو دونو مین تمکو

وَلَا حَظَّ فِيْهَا لِغَنِيٍّ وَّلَا لِقَوِيٍّ مُّكْتَسِبٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

اور نہین ہی حصہ اس صدقہ مین واسطے غنی کے اور نہ واسطے توی کمکے کہ قدرت رکھتا ہو کسب کی روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے

وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ

اور روایت ہی عطاء بن یسار سے بطریق ارسال کے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین حلال

الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ إِلَّا لِخَمْسَةٍ لِغَازٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ لِعَامِلٍ عَلَيْهَا أَوْ لِغَارِمٍ أَوْ

زکوۃ غنی کو مگر واسطے پانچ شخصون کے ایک جہاد کرنیوالے کیلیے راہ خدا میں دوسرے عامل زکوۃ کیلیے تیسرے تاوان

لِرَجُلٍ اشْتَرَاهَا بِمَالِهِ أَوْ لِرَجُلٍ كَانَ لَهُ جَارٌ مِسْكِيْنٌ فَتَصَدَّقَ عَلَى الْمِسْكِيْنِ

اوسکیلیے کہ خریدے چیز زکوۃ کی ساتہ مال اپنے کے یا پانچوین اوسکو کیلیے کہ ہو ہمسایا اوسکا ہمسایہ غریب پس دیگئی زکوۃ فقیر کو

فَأَهْدَى الْمِسْكِيْنُ لِلْغَنِيِّ رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُوْدَاوُدَ وَفِي رِوَايَةٍ لِأَبِي دَاوُدَ

پس تحفہ بہیجا فقیر نے واسطے غنی کے روایت کی یہ مالک اور ابو داؤد نے اور بیچ ایک روایت ابو داؤد کے

عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ أَوِ ابْنِ السَّبِيْلِ وَعَنْ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ الصُّدَائِيِّ قَالَ

ابی سعید سے لفظ او ابن السبیل کا ہی۔ اور روایت ہی زیاد بن حارث صدائی سے وہ کہا

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعْتُهُ فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ

آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس بیعت کی مینے اوسسے پس ذکر کی حارث نے حدیث لمبی پس آیا حضرت کے پاس

أَعْطِنِي مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَرْضَ بِحُكْمِ

دو مجکو زکوۃ مین سے پس فرمایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ نہین راضی ہوا ساتہ حکم

نَبِيٍّ وَلَا غَيْرِهِ فِي الصَّدَقَاتِ حَتَّى حَكَمَ فِيْهَا هُوَ فَجَزَّأَهَا ثَمَانِيَةَ أَجْزَاءٍ

کسی نبی کے اور نہ ساتہ حکم کسی غیر نبی کے زکوۃ مین یہانتک کہ حکم فرمایا آپ زکوۃ مین پس بیان کیا زکوۃ کے آٹھ مصرف

فَإِنْ كُنْتَ مِنْ تِلْكَ الْأَجْزَاءِ أَعْطَيْتُكَ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالْفَضْلُ

پس اگر ہے تو اون آٹھ مین سے دونمین تجکو روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ فضل

الثَّالِثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ قَالَ شَرِبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَبَنًا فَأَعْجَبَهُ

تیسری روایت ہی زید بن اسلم سے کہ کہا پیا عمر بن الخطاب نے دودھ پس اچہا لگا اونکو وہ

فَسَأَلَ الَّذِي سَقَاهُ مِنْ أَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ وَرَدَ عَلَى مَاءٍ

پہر پوچہا اوس شخص سے کہ پلایا تہا اونکو کہان کا ہے یہ دودھ پس خبر دی اونکو کہ گیا تہا ایک پانی پر

قَدْ سَمَّاهُ فَإِذَا النَّعَمُ مِنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ وَهُمْ يَسْقُوْنَ فَحَلَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا

کہ تحقیق نام لیا اوسکا پس ناگہان وہان گنے اونٹ تہے اونٹون زکوۃ کے سے اور اونٹ والے پانی پلاتے تہے اونٹون کو پس دوہے

فجعلته فی سقائی فهو هذا فادخل عمر یده فاستقاء رواه مالك
پھر ڈال لیا میں نے اوسکو اپنی مشک میں پس یہ وہی دودھ ہے پس لا حضرت عمر نے ہاتھ اپنا منہ اپنے میں پھر قی کی روایت کی

والبیهقی فی شعب الایمان باب من لا تحل له المسئلة و
اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ باب ہے یہ بیان اوس شخص کے کہ نہیں درست اوسکو سوال کرنا اور

من تحل له الفضل الاول عن قبیصة بن مخارق
اوس شخص کے کہ درست ہے اوسکو۔ فضل پہلی روایت ہے قبیصہ بن مخارق سے

قال تحملت حمالة فاتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم اسأله فیها فقال
کہ کہا ضامن ہوا میں پس آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اوسسے سوال کرنے

اقم حتی تاتینا الصدقة فنامر لك بها ثم قال یا قبیصة ان المسئلة
کو ٹھہر یہانتک کہ آوے ہمارے پاس زکوۃ پس حکم کرین گے ہم واسطے تیرے ساتھ اوس کے پھر فرمایا اے قبیصہ تحقیق سوال

لا تحل الا لاحد ثلثة رجل تحمل حمالة فحلت له المسئلة حتی یصیبها
نہیں درست مگر واسطے ایک تین میں سے ایک تو وہ شخص کہ ضامن ہوا پس درست ہے اوسکے لیے سوال یہانتک کہ پہنچے اوسکو ضمانت کو

ثم یمسك ورجل اصابته جائحة اجتاحت ماله فحلت له المسئلة
پھر بند رہے سوال کرنے سے اور دوسرا شخص وہ ہے کہ پہنچے اوسکو آفت کہ ہلاک کر دیا مال اوسکا پس درست ہے اوسکو سوال

حتی یصیب قواما من عیش او قال سدادا من عیش ورجل اصابته
یہانتک کہ پہنچے اوسقدر کو کہ حاجت روائی ہو گذران سے یا فرمایا دفع کرے محتاجگی کو اور تیسرا شخص وہ ہے کہ پہنچے اوسکو

فاقة حتی یقوم ثلثة من ذوی الحجی من قومه لقد اصابت فلانا فاقة
حاجت سخت یہانتک کہ کھڑے ہوون تین شخص صاحب عقل کے قوم اوسکی سے کہنے والے ہوون کہ پہنچی فلانیکو حاجت سخت

فحلت له المسئلة حتی یصیب قواما من عیش او قال سدادا من عیش
پس درست ہے اوسکو سوال یہانتک کہ پہنچے اوسقدر کو کہ حاجت روائی ہو گذران سے یا فرمایا دفع کرے محتاجگی کو

فما سواهن من المسئلة یا قبیصة سحت یاکلها صاحبها سحتا رواه
پس جو کہ سوا ان تین صورتون کے ہے سوال کرنا اے قبیصہ حرام ہی کہتا ہے صاحب اوسکا حرام روایت کی یہ

مسلم وعن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من سأل الناس
مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مانگے لوگون سے

اَمْوَالَهُمْ تَكَثُّرًا فَاِنَّمَا يَسْئَلُ جَمْرًا فَلْيَسْتَقِلَّ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَ

مال اوسکو بہتایت کرنیسے پس سوائے اسکے نہین کہ مانگتا ہے انگارا آگ کا پس چاہیئے کہ کم مانگے یا بہت مانگے روایت کی یہ مسلم نے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْاَلُ

روایت ہے عبداللہ بن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ رہتا ہے آدمی مانگتا

النَّاسَ حَتّٰى يَاْتِيَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَيْسَ فِيْ وَجْهِهٖ مُزْعَةُ لَحْمٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

لوگونسے یہانتک کہ آویگا دن قیامت کے اوسحالت مین کہ نہوگی اوسکے مونہہ پر بوٹی گوشت کی متفق علیہ اور روایت ہے

مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُلْحِفُوْا فِي الْمَسْئَلَةِ فَوَاللّٰهِ لَا

معاویہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ مبالغہ کرو مانگنے مین پس قسم ہے اللہ کی نہین

يَسْاَلُنِيْ اَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا فَتُخْرِجَ لَهٗ مَسْئَلَتُهٗ مِنِّيْ شَيْئًا وَاَنَا لَهٗ كَارِهٌ فَيُبَارَكَ

مانگتا مجسے کوئی تم مین سے کچھ پس نکالے واسطے اوسکے سوال کرنا اوسکا مجسے کچھ اوسحالمین کہ مین اوسچیز کے دینے کو

لَهٗ فِيْمَا اَعْطَيْتَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

واسطے اوسکے بیچ اوسچیز کے کہ دی ہے مینے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے زبیر بن عوام سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّاْخُذَ اَحَدُكُمْ حَبْلَهٗ فَيَاْتِيَ بِحُزْمَةِ حَطَبٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ یہ کہ لیوے ایک تمہارا رسی اپنی پھر آوے ایک گٹھی لکڑیون کی اپنی پیٹھ پر

فَيَبِيْعَهَا فَيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهٗ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّسْاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ

پس بیچے اوسکو پس روکے اللہ بسبب اوسکے آبرو اوسکی بہتر ہے اوسکے لیے اس سے کہ مانگے لوگون سے دین اوسکو

اَوْ مَنَعُوْهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

یا نہ دین روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے حکیم ابن حزام سے کہا مانگا مینے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ سَاَلْتُهٗ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ لِيْ يَا حَكِيْمُ اِنَّ هٰذَا

صلے اللہ علیہ وسلم سے پس دیا مجکو پھر مانگا پس دیا مجکو پھر فرمایا مجکو اے حکیم بتحقیق یہ

الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ اَخَذَهٗ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَمَنْ اَخَذَهٗ

مال سبز ہے شیرین پس جو کوئی لے اوسکو ساتھ بے پروائی نفس کے برکت کیجاتی ہے اوسکے لیے اوسمین

بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهٗ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ

ساتھ طمع نفس کے نہین برکت کیجاتی واسطے اوسکے اوسمین اور ہوتا ہے مانند اوس شخص کے کہ کھاتا ہے اور نہین پیٹ بھرتا

وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ حَكِيْمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ

اور ہاتھ اونچا بہتر ہے نیچے ہاتھ سے کہا حکیم نے پس کہا میں نے یا رسول اللہ قسم ہے

الَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى أُفَارِقَ الدُّنْيَا مُتَّفَقٌ

اور نبوت کی جس نے بھیجا تمکو ساتھ حق کے نہیں ناقص کرونگا میں مال کسیکا کچھ بعد اس سوال کرنیکے آپ سے یہانتک کہ جدا

عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ

علیہ ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوسوقت کہ وہ منبر پر تھے اور وہ

يَذْكُرُ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ عَنِ الْمَسْئَلَةِ الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

ذکر کرتے تھے صدقے کا اور بچنے کا سوال سے ہاتھ اونچا بہتر ہے ہاتھ نیچے سے

وَالْيَدُ الْعُلْيَا هِيَ الْمُنْفِقَةُ وَالسُّفْلٰى هِيَ السَّائِلَةُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اور اونچا ہاتھ وہ ہے خرچ کرنیوالا اور نیچا ہاتھ وہ ہے مانگنے والا متفق علیہ ۔ اور روایت ہے

اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ إِنَّ أُنَاسًا مِّنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

ابی سعید خدری سے کہا تحقیق کتنے آدمیوں نے انصار میں سے مانگا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَأَلُوْهُ فَأَعْطَاهُمْ حَتّٰى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ فَقَالَ مَا يَكُوْنُ

علیہ وسلم سے پس دیا انکو پھر مانگا اونہوں نے اوسنے پس دیا اونکو یہانتک کہ ہو چکا جو کچھ کہ تھا حضرت کے پاس

عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ

میرے پاس مال سے پس ہرگز نہ ذخیرہ کرونگا میں اوسکو تمسے اور جو شخص بچے سوال کرنے سے بچاتا ہے اوسکو خدا اور جو اظہار کرتا ہے

يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً

بے پروائی کی بے پروا کرتا ہے اوسکو اللہ اور جو صبر چاہے اوسکو اللہ تعالی اور نہیں دیا گیا کوئی شخص بخشش

هُوَ خَيْرٌ وَّأَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ

کہ وہ بہتر ہی ہو اور فراخ تر ہو صبر سے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے عمر ابن خطاب سے کہ کہا

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيْنِي الْعَطَاءَ فَأَقُوْلُ أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنِّيْ

تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیتے مجھکو دینا پس کہتا میں دیجیے یہ زیادہ محتاج مجھ سے

فَقَالَ خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهِ فَمَا جَاءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَأَنْتَ

پس فرمایا کہ لے اسکو پھر داخل کر اسکو اپنے مال میں اور صدقہ دے اسکو پس جو چیز کہ آوے تیرے پاس مال سے اور تو

فیہ وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد واٰلہ واصحابہ اجمعین

غَيْرِ مُشْرِفٍ وَّلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

نہ طمع کرنیوالا ہو اور نہ مانگنے والا ہو پس لے اوسکو اور جو چیز کہ نہو اسطرح پس نہ پیچھے لگا اوسکو نفس اپنے کو متفق علیہ

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

فصل دوسری روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ الْمَسَائِلُ كُدُوْحٌ يَكْدَحُ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ فَمَنْ شَاءَ أَبْقَى عَلٰى

صلے اللہ علیہ وسلم نے سوال کرنا زخم ہے کہ زخمی کرتا ہے بسبب اوسکے آدمی مونہہ اپنے کو پس جو شخص چاہے باقی رکھنا باقی رکھے

وَجْهِهٖ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ الرَّجُلُ السُّلْطَانَ أَوْ فِيْ أَمْرٍ لَّا يَجِدُ

اپنے مونہہ پر اور جو شخص چاہے نہ باقی رکھنا زخم باقی رہے اوسکے آبرو مگر یہ کہ سوال کرے آدمی حاکم سے یا سوال کرے اوس امر میں کہ ضرور ہے

مِنْهُ بُدًّا رَوَاهُ أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

اوسکو روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عبداللہ بن

مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ النَّاسَ وَلَهٗ مَا يُغْنِيْهِ

مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مانگے لوگون سے اور واسطے اوسکے ہو وہ چیز کہ غنی کرے اوسکو

جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَسْئَلَتُهٗ فِيْ وَجْهِهٖ خُمُوْشٌ أَوْ خُدُوْشٌ أَوْ كُدُوْحٌ

آویگا دن قیامت کے اور سوال اوسکا اوپر مونہہ اوسکے خموش ہوگا یا خدوش ہوگا یا کدوح ہوگا

قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا يُغْنِيْهِ قَالَ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا أَوْ قِيْمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ رَوَاهُ

کہا گیا اے رسول خدا کے کیا چیز غنی کرتی ہے اوسکو فرمایا پچاس درہم یا قیمت اوسکی سونے سے روایت کی یہ

أَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ سَهْلِ

ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے۔ اور روایت ہے سہل

ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ وَعِنْدَهٗ مَا يُغْنِيْهِ

بن حنظلیہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مانگے اور اوسکے پاس ہو بقدر کہ غنی کرے اوسکو

فَإِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنَ النَّارِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا يُغْنِيْهِ قَالَ الْغِنٰى قَالَ النُّفَيْلِيُّ وَهُوَ أَحَدُ رُوَاتِهٖ فِيْ مَوْضِعٍ آخَرَ

پس سو اسکے نہیں کہ طلب کرتا ہے بہت آگ کہا نفیلی نے کہ ایک ہے راویون اسحدیث کے یہ اور جگہ کہ کہ پوچھا گیا

وَمَا الْغِنٰى الَّذِيْ لَا تَنْبَغِيْ مَعَهُ الْمَسْئَلَةُ قَالَ قَدْرُ مَا يُغَدِّيْهِ وَيُعَشِّيْهِ

اور کیا ہے یہ حد غنا کی کہ نہ چاہیے ساتھ اوسکے مانگنا فرمایا حضرت نے قدر اوسچیز کی کہ کرے اوسکو قوت صبح کا اور شام کا

وَقَالَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ أَنْ يَكُونَ لَهُ شِبَعُ يَوْمٍ أَوْ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور کہا شبلی نے بیچر اور جگہ کے کہ ہووے واسطے اوسکے بقدر پیٹ بھرنے دنکے یا رات دو دنکے روایت کی یہ ابو داؤد نے

وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي أَسَدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

اور روایت ہے عطاء بن یسار سے نقل کی ایک شخص سے کہ قبیلہ بنی اسد مین سے تھا کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ مِنْكُمْ وَلَهُ أُوقِيَّةٌ أَوْ عَدْلُهَا فَقَدْ سَأَلَ إِلْحَافًا رَوَاهُ مَالِكٌ

علیہ وسلم نے جو شخص کہ مانگے تم مین سے اور واسطے اوسکے ہون چالیس درم یا برابر چالیس درم کے پس تحقیق سوال کیا بطریق الحاح کے

وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ

اور ابو داؤد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے حبشی بن جنادہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَحِلُّ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِي مِرَّةٍ سَوِيٍّ إِلَّا لِذِي فَقْرٍ

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مانگنا نہین حلال واسطے غنی کے اور نہ واسطے صاحب قوت تندرست اعضا کے ولیکن حلال ہے واسطے

مُدْقِعٍ أَوْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ وَمَنْ سَأَلَ النَّاسَ لِيُثْرِيَ بِهِ مَالَهُ كَانَ خُمُوشًا فِي

کر زمین مین ڈالا اوسکو یا حلال ہے واسطے قرضدار کے کہ بہاری قرض کہتا ہو اور جو کوئی مانگے لوگونسے تاکہ بڑہاوے بسبب مانگنے کے مال

وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَرَضْفًا يَأْكُلُهُ مِنْ جَهَنَّمَ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُقِلَّ وَمَنْ شَاءَ

منہہ اوسکے پر دن قیامت کے اور گرم پتھر کہاوے گا اوسکو دوزخ مین پس جو کوئی چاہے کہ سوال کرے اور جو کوئی چاہے

فَلْيُكْثِرْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ أَتَى النَّبِيَّ

زیادہ کرے روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے انس سے یہ کہ ایک شخص آیا انصار مین سے نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُهُ فَقَالَ أَمَا فِي بَيْتِكَ شَيْءٌ فَقَالَ بَلَى حِلْسٌ نَلْبَسُ بَعْضَهُ

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس مانگتا تھا کچھ پس فرمایا حضرت نے کیا نہین تیرے گھر مین کچھ کہا ہان ایک کملی ہے مولی اوڑہتا ہون بعضہ

وَنَبْسُطُ بَعْضَهُ وَقَعْبٌ نَشْرَبُ فِيهِ مِنَ الْمَاءِ قَالَ ائْتِنِي بِهِمَا فَأَتَاهُ

اور بچھاتا ہون بعضہ اوسمین سے اور ایک پیالہ ہے پیتا ہون مین اوسمین پانی فرمایا لے آ ان دونو کو پس لایا وہ حضرت

بِهِمَا فَأَخَذَهُمَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ وَقَالَ مَنْ يَشْتَرِي هَذَيْنِ

ان دونو کو پس لیا اون دونو کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مین اور فرمایا کون خریدتا ہے ان دونون کو

قَالَ رَجُلٌ أَنَا آخُذُهُمَا بِدِرْهَمٍ قَالَ مَنْ يَزِيدُ عَلَى دِرْهَمٍ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا

کہا ایک شخص نے کہ مین لیتا ہون ان دونو کو ایک درم کو فرمایا کون زیادہ دیتا ہے درہم سے دو بار یا تین بار

قَالَ رَجُلٌ أَنَا آخُذُهُمَا بِدِرْهَمَيْنِ فَأَعْطَاهُمَا إِيَّاهُ فَأَخَذَ الدِّرْهَمَيْنِ

کہا ایک شخص نے کہ مین لیتا ہون انکو دو درہمون کو پس دیئے وہ دونون اوس شخص کو پس لین حضرت نے دو درہمین

فَأَعْطَاهُمَا الْأَنْصَارِيَّ وَقَالَ اشْتَرِ بِأَحَدِهِمَا طَعَامًا فَانْبِذْهُ إِلَى أَهْلِكَ

پہر دین دونو انصاریکو اور فرمایا خرید ساتھ ایکے انمین سے طعام اور ڈال اوسکو طرف اہل اپنے کے

وَاشْتَرِ بِالْآخَرِ قَدُومًا فَائْتِنِي بِهِ فَأَتَاهُ بِهِ فَشَدَّ فِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور خرید کر ساتھ دوسرے کے تیشہ پھر لے آ اوسکو میرے پاس پس لیا وہ حضرت نے پاس تیشہ پس مضبوط ہو نکدی

عُودًا بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَاحْتَطِبْ وَبِعْ وَلَا أَرَيَنَّكَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا

ایک لکڑی اپنے ہاتھ سے پہر فرمایا جا اور جمع کر لکڑیون کو اور بیچ اور نہ دیکھون مین تجھکو پندرہ دن تک

فَذَهَبَ الرَّجُلُ يَحْتَطِبُ وَيَبِيعُ فَجَاءَهُ وَقَدْ أَصَابَ عَشَرَةَ دَرَاهِمَ فَاشْتَرَى

پس گیا وہ شخص جمع کرتا تھا لکڑیان اور بیچتا تھا پہر آیا حضرت کے پاس اور سحالمین کہ پہنچا تھا دس درم کو پہر خرید

بَعْضِهَا ثَوْبًا وَبِبَعْضِهَا طَعَامًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا خَيْرٌ لَكَ

ساتھ بعض کے اونمین سے کپڑا اور ساتھ بعض کے اونمین سے غلہ پہر فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بہتر ہے تیرے لیے

مِنْ أَنْ تَجِيءَ الْمَسْأَلَةُ نُكْتَةً فِي وَجْهِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ الْمَسْأَلَةَ لَا تَصْلُحُ

اس سے کہ آوے اور ہووے سوال کرنا نشان بُرا بیچ منہ تیرے کے دن قیامت کے تحقیق مانگنا نہین لائق

إِلَّا لِثَلَاثَةٍ لِذِي فَقْرٍ مُدْقِعٍ أَوْ لِذِي غُرْمٍ مُفْظِعٍ أَوْ لِذِي دَمٍ مُوجِعٍ رَوَاهُ

مگر واسطے تین شخصون کے فقر واسطے صاحب احتیاج کے کہ زمین مین ڈال رکھا ہو یا واسطے قرضدار کے کہ قرض ہمارا ہی ہو یا واسطے صاحب

أَبُو دَاوُد وَرَوَى ابْنُ مَاجَةَ إِلَى قَوْلِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ

ابو داؤد نے اور نقل کی ابن ماجہ نے قول یوم القیمۃ تک ۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہا فرمایا

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَصَابَتْهُ فَاقَةٌ فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ وَ

رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو کہ پہونچا فاقہ پہر ظاہر کیا اوسکو لوگونپر نہین رفع کیجائیگی حاجت اوسکی اور

مَنْ أَنْزَلَهَا بِاللَّهِ أَوْشَكَ اللَّهُ لَهُ بِالْغِنَى إِمَّا بِمَوْتٍ عَاجِلٍ أَوْ غِنًى آجِلٍ رَوَاهُ

جسنے عرض کیا اسکو اللہ سے جلدی پہنچاویگا اللہ اوسکو فائدہ اور کفایت کو یا بسبب مرنے جلد کے یا دولتمندی دیر کے روا

أَبُو دَاوُد وَالتِّرْمِذِيُّ الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ أَنَّ الْفِرَاسِيَّ

ابو داؤد اور ترمذی نے ۔ فصل تیسری روایت ہے ابن فراسی سے کہ تحقیق فراسی نے

قَالَ قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا

کہا کہ کہا مینے واسطے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کیا مانگو مین یا رسول اللہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ مانگ

وَاِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَسْئَلِ الصَّالِحِيْنَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنِ ابْنِ

اور اگر ہو تو ضرور مانگنیوالا پس مانگ نیک بختونسے روایت کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے - اور روایت ہے ابن

السَّاعِدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَنِيْ عُمَرُ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَاَدَّيْتُهَا اِلَيْهِ

ساعدی سے کہا عامل کیا مجکو حضرت عمر نے زکوۃ لینے پر پس جبکہ فارغ ہوا مین اوس سے اور پہنچا مینے زکوۃ ظرف

اَمَرَ لِيْ بِعُمَالَةٍ فَقُلْتُ اِنَّمَا عَمِلْتُ لِلّٰهِ وَاَجْرِيْ عَلَى اللّٰهِ قَالَ خُذْ مَا اُعْطِيْتَ

حکم کیا واسطے میرے ساتھ مزدوری زکوۃ کے پس کہا مینے نہین کیا مینے عمل مگر اللہ کے لیے اور ثواب میرا اللہ پر ہے فرمایا لے تو وہ چیز

فَاِنِّيْ قَدْ عَمِلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَمَّلَنِيْ فَقُلْتُ مِثْلَ قَوْلِكَ

پس تحقیق عمل کیا مینے زمانے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے مین پس دی مجکو مزدوری پس کہا مینے مانند کہنے تیرے کے

فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيْتَ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ اَنْ تَسْاَلَهٗ فَكُلْ

پس فرمایا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ دیا جاوے تو کچھ بدون مانگنے کے پس کہا

وَتَصَدَّقْ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ يَوْمَ عَرَفَةَ رَجُلًا يَسْاَلُ

اور تصدق کر روایت کی یہ ابو داؤد نے - اور روایت ہے علی رضہ سے یہ کہ اونہون نے سنا دن عرفہ کے ایک شخص کو

النَّاسَ فَقَالَ اَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ هٰذَا الْمَكَانِ تَسْاَلُ مِنْ غَيْرِ اللّٰهِ فَحَقَّقَهٗ

لوگونسے پس کہا حضرت علی نے کیا اسدن مین اور اس مکان مین مانگتا ہے تو غیر خدا سے پس مارا اوسکو

بِالدِّرَّةِ رَوَاهُ رَزِيْنٌ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ تَعَلَّمْنَ اَيُّهَا النَّاسُ اَنَّ الطَّمَعَ فَقْرٌ

ساتھ درہ کے روایت کی یہ رزین نے - اور روایت ہے عمر سے کہا جانو تم اے آدمیو تحقیق طمع محتاجی ہے

وَاَنَّ الْاِيَاسَ غِنًى وَاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا يَئِسَ عَنْ شَيْءٍ اسْتَغْنٰى عَنْهُ رَوَاهُ رَزِيْنٌ

اور تحقیق ناامید ہونا بے پروائی ہے اور تحقیق آدمی جبکہ ناامید ہوتا ہے ایک چیز سے بے پرواہ ہوتا ہے اوس سے

وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّكْفُلُ لِيْ اَنْ لَّا يَسْاَلَ

اور روایت ہے ثوبان سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ عہد کرے ساتھ میرے یہ کہ نہ مانگے

النَّاسَ شَيْئًا فَاَتَكَفَّلُ لَهٗ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ ثَوْبَانُ اَنَا فَكَانَ لَا يَسْاَلُ اَحَدًا

آدمیون سے کچھ پس ضامن ہوا مین اوسکے لیے جنت کا پس کہا ثوبان نے کہ مین عہد کرتا ہون کہ نہ مانگونگا کسی سے

شَيْئًا رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِيْ ذَرٍّ قَالَ دَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
کچھ روایت کی یہ ابوداؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا بلایا مجکو رسول خدا
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَشْتَرِطُ عَلَيَّ أَنْ لَّا تَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَلَا
صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حال یہ کہ وہ طلب شرط کی کرتے تھے مجھپر یہ کہ نہ مانگ لوگونسے کچھ کہا ہاں کہا نہیں کہا فرمایا حضرت
سَوْطُكَ إِنْ سَقَطَ مِنْكَ حَتّٰى تَنْزِلَ إِلَيْهِ فَتَأْخُذَهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ بِإِسْنَادٍ
کوڑا اپنا اگر گر پڑے تجھ سے یہاں تک کہ اوترے تو طرف اوسکی پس لے تو اوسکو روایت کی یہ احمد نے باسناد
الْإِنْفَاقِ وَكَرَاهِيَةِ الْإِمْسَاكِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ
بیچ بیان فضیلت خرچ کرنے مال کے اور کراہت بخل کے فصل پہلی روایت ہے
أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ لِيْ مِثْلُ أُحُدٍ ذَهَبًا
ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا میرے لیے مانند پہاڑ احد کے سونا
لَسَرَّنِيْ أَنْ لَّا يَمُرَّ عَلَيَّ ثَلٰثُ لَيَالٍ وَّعِنْدِيْ مِنْهُ شَيْءٌ إِلَّا شَيْءٌ أَرْصُدُهُ
البتہ خوش کرتا مجھکو یہ کہ نگذرین مجپر تین راتین اور ہووے پاس میرے اوسمین سے کچھ مگر وہ چیز کہ رکھوں مین اوسکو
لِدَيْنٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ يَوْمٍ
دین کے لیے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ نہین کوئی دن
يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيْهِ إِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُوْلُ أَحَدُهُمَا اللّٰهُمَّ أَعْطِ
کہ صبح کرتے ہین بندے اوسمین مگر کہ دو فرشتے اوترتے ہین پس کہتا ہے ایک اونکا یا الٰہی دے
مُنْفِقًا خَلَفًا وَيَقُوْلُ الْآخَرُ اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
خرچ کرنیوالیکو بدل اور کہتا ہے دوسرا یا الٰہی دے بخیل کو تلف متفق علیہ۔
وَعَنْ أَسْمَاءَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْفِقِيْ وَلَا تُحْصِيْ فَيُحْصِيَ
اور روایت ہے اسماء سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خرچ کر اور نہ شمار کر پس شمار کریگا
اللّٰهُ عَلَيْكِ وَلَا تُوْعِيْ فَيُوْعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ أَرْضَخِيْ مَا اسْتَطَعْتِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ
اللہ تجھپر اور نہ روک رکھ پس روکیگا اللہ تجھ سے زیادتی اپنی اور دے جو ہو سکے متفق علیہ
وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنْفِقْ يَا ابْنَ
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلعم نے فرماتا ہے اللہ تعالیٰ خرچ کر اے بیٹے

اُدمَ اُنفِق عَلَیکَ مُتَّفَقٌ عَلَیہِ وَعَن اَبِی اُمَامَۃَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ

آدم کے خرچ کرونگا میں تجھپر متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ فرمایا رسول خدا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ یَا ابنَ اٰدَمَ اَن تَبذُلَ الفَضلَ خَیرٌ لَّکَ وَاَن تُمسِکَہُ شَرٌّ لَّکَ وَلَا

صلی اللہ علیہ وسلم نے اے بیٹے آدم کے خرچ کرنا تیرا مال کہ زیادہ ہو حاجت سے بہتر ہے تیرے لیے اور بند رکھنا تیرا اوسکو برا ہے تیرے لیے

تُلَامُ عَلٰی کَفَافٍ وَّابدَأ بِمَن تَعُولُ رَوَاہُ مُسلِمٌ وَعَن اَبِی ھُرَیرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

ملامت کیا جاویگا تو اوپر قدر کفایت کے اور شروع کر ساتھ عیال اپنے کے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہ فرمایا

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ البَخِیلِ وَالمُتَصَدِّقِ کَمَثَلِ رَجُلَینِ عَلَیھِمَا جُنَّتَانِ مِن حَدِیدٍ

خدا صلعم نے مثال بخیل کا اور صدقہ دینے والیکا مانند حال دو شخصونکی ہے کہ ہون اوپر دو زرہین لوہے کی

قَد اضطُرَّت اَیدِیھِمَا اِلٰی ثُدِیِّھِمَا وَتَرَاقِیھِمَا فَجَعَلَ المُتَصَدِّقُ کُلَّمَا تَصَدَّقَ

تحقیق چمٹائے گئے ہون ہاتھ اونکے طرف چھاتی اونکیے اور چنبر گرون اونکیے پس شروع کیا صدقہ دینے والے نے جبکہ قصد کرتا ہے

بِصَدَقَۃٍ اِنبَسَطَت عَنہُ وَجَعَلَ البَخِیلُ کُلَّمَا ھَمَّ بِصَدَقَۃٍ قَلَصَت وَاَخَذَت

صدقہ کا کھل جاتی ہے وہ زرہ اوس سے اور شروع کیا بخیل نے جبکہ قصد کرتا ہے صدقہ کا مل جاتی ہین اور پھر جاتے ہین

کُلُّ حَلقَۃٍ بِمَکَانِھَا مُتَّفَقٌ عَلَیہِ وَعَن جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ

سب حلقہ جگہہ اپنی پر متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِتَّقُوا الظُّلمَ فَاِنَّ الظُّلمَ ظُلُمَاتٌ یَومَ القِیٰمَۃِ وَاتَّقُوا الشُّحَّ فَاِنَّ الشُّحَّ اَھلَکَ

بچو ظلم سے پس تحقیق ظلم اندھیرے ہونگے دن قیامت کے اور بچو بخیل سے اسلیے کہ بخیل نے ہلاک کردیا ہے

مَن کَانَ قَبلَکُم حَمَلَھُم عَلٰی اَن سَفَکُوا دِمَاءَھُم وَاستَحَلُّوا مَحَارِمَھُم رَوَاہُ مُسلِمٌ

اون لوگونکو کہ تھے پہلے تمسے باعث ہوا اونکو بخیل اسپر کہ خونریزی کی اور حلال جانا حرام کو روایت کی یہ مسلم نے

وَعَن حَارِثَۃَ بنِ وَھبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوا فَاِنَّہُ یَاتِی

اور روایت ہے حارثہ بن وہب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ دو اسلیے کہ آویگا

عَلَیکُم زَمَانٌ یَمشِی الرَّجُلُ بِصَدَقَتِہٖ فَلَا یَجِدُ مَن یَّقبَلُھَا یَقُولُ الرَّجُلُ لَو

تمپر ایک زمانہ لیجاویگا آدمی صدقہ اپنا پس نہ پاویگا اوس شخص کو کہ قبول کرے اوسکو کہیگا آدمی اگر

جِئتَ بِھَا بِالاَمسِ لَقَبِلتُھَا فَاَمَّا اَلیَومَ فَلَا حَاجَۃَ لِی بِھَا مُتَّفَقٌ عَلَیہِ

لاتا تو اسکو کل البتہ قبول کرتا میں اوسکو پس آجکے دن نہین حاجت مجکو اسکی متفق علیہ۔

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ الصَّدَقَةِ اَعْظَمُ اَجْرًا

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہا ایک شخص نے یارسول اللہ کونسا صدقہ بڑا ہے ازروے ثواب کے

قَالَ اَنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِیْحٌ شَحِیْحٌ تَخْشَی الْفَقْرَ وَتَاْمُلُ الْغِنٰی وَلَا تُمْهِلُ حَتّٰی اِذَا

فرمایا کہ تصدق کرتیرا وہ وقت کہ تو تندرست ہو حرص رکھتا ہو جمع کرنے مال کی ڈرتا ہو فقر سے اور امید رکھتا ہو دولت کی

بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ قُلْتَ لِفُلَانٍ کَذَا وَلِفُلَانٍ کَذَا وَقَدْ کَانَ لِفُلَانٍ مُتَّفَقٌ

پہنچے جان حلق میں کہے تو فلانیکے لیے اتنا اور فلانیکے لیے اتنا اور حال یہ کہ تحقیق ہوا وہ واسطے فلانیکے متفق

عَلَیْهِ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ انْتَهَیْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ فِیْ

علیہ۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا پہنچا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ بیٹھے تھے

ظِلِّ الْکَعْبَةِ فَلَمَّا رَاٰنِیْ قَالَ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْکَعْبَةِ فَقُلْتُ فِدَاکَ

کعبہ کے سایے میں پس جبکہ دیکھا مجکو فرمایا وہ نہایت ٹوٹے میں ہیں قسم ہے پروردگار کعبہ کی پس کہا میں نے قربان ہو

اَبِیْ وَاُمِّیْ مَنْ هُمْ قَالَ هُمُ الْاَکْثَرُوْنَ اَمْوَالًا اِلَّا مَنْ قَالَ هٰکَذَا وَهٰکَذَا وَهٰکَذَا

باپ میرا اور مان میری کون ہیں وہ فرمایا کہ وہ بہت جمع کرنیوالے مال کے مگر جس شخص نے کہ خرچ کیا ایدھر اور اودھر اور ادھر

مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَعَنْ یَّمِیْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ وَقَلِیْلٌ مَّا هُمْ مُتَّفَقٌ

آگے اپنے اور پیچھے اپنے اور داہنے اپنے اور بائیں اپنے اور کم ہیں وہ متفق

عَلَیْهِ اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

علیہ۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

اَلسَّخِیُّ قَرِیْبٌ مِّنَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْجَنَّةِ قَرِیْبٌ مِّنَ النَّاسِ بَعِیْدٌ مِّنَ

سخی نزدیک ہے اللہ کے نزدیک ہے بہشت سے نزدیک ہے لوگوں سے دور ہے

النَّارِ وَالْبَخِیْلُ بَعِیْدٌ مِّنَ اللّٰهِ بَعِیْدٌ مِّنَ الْجَنَّةِ بَعِیْدٌ مِّنَ النَّاسِ قَرِیْبٌ

آگ سے اور بخیل دور ہے اللہ سے دور ہے بہشت سے دور ہے لوگوں سے نزدیک ہے

مِّنَ النَّارِ وَلَجَاهِلٌ سَخِیٌّ اَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِیْلٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

آگ سے اور البتہ جاہل سخی بہت پیارا ہے طرف اللہ کے عابد بخیل سے روایت کی ہے ترمذی نے۔

وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَتَصَدَّقُ الْمَرْءُ

اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے البتہ نہ دیوے اللہ آدمی کا

باب الانفاق — اور جس چیز کی حاجت ہو مال کی اور حال کر دیا ہے اللہ نے مال کو وہ بہتر ہے کہ رکھا ہوا وہ دیا ہوا مال جس کو خرچ نہ کیا جاوے اور نہ صرف کیا جاوے واسطے عیش کے اور نہ دفن کیا ہو زمین میں خوب دیا وہ اس کو بہت ثواب پاوے گا۔

فوائد زیادہ کرتا ہے مرتے وقت بہت دینے سے ۱۲

وَلَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا وَاللّٰهُ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَلْاِمْسَاكُ

لہ نہیں جمع ہوتین یعنی لائق نہیں ہے کہ مومن کامل مین یہ خصلتین جمع ہون یا مراد یہ ہے کہ مومن مین یہ

فِي حَيٰوتِهٖ بِدِرْهَمٍ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمِائَةٍ عِنْدَ مَوْتِهٖ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

بیچ تندرستی اپنی کے ایک درہم بہتر ہے اوسکے لیے اللہ دیخ سو درہم کے سے نزدیک مرنے اپنے کے روایت کی یا ابوداؤد

وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مَثَلُ الَّذِيْ يَتَصَدَّقُ

اور روایت ہے ابی درداء سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل اوس شخص کے کہ خیرات کرتا ہے

عِنْدَ مَوْتِهٖ اَوْ يُعْتِقُ كَالَّذِيْ يُهْدِيْ اِذَا شَبِعَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَ

وقت مرنے اپنے کے یا آزاد کرتا ہے مانند اوس شخص کے ہے کہ تحفہ بھیجتا ہے جبوقت کہ پیٹ بھر چکتا ہے روایت کی یا احمد

الدَّارِمِيُّ وَالتِّرْمِذِيُّ وَصَحَّحَهٗ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

دارمی اور ترمذی نے اور ترمذی نے اوسکو صحیح کہا۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْلَتَانِ لَا يَجْتَمِعَانِ فِيْ مُؤْمِنٍ اَلْبُخْلُ وَسُوْءُ الْخُلُقِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

علیہ وسلم نے دو خصلتین نہین جمع ہوتین مومن مین ایک بخل اور دوسری بدخلقی روایت کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ

اور روایت ہے ابی بکر صدیق سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا بہشت مین

خَبٌّ وَّلَا بَخِيْلٌ وَّلَا مَنَّانٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

مکار اور نہ بخیل اور نہ اللہ دیکر جتانے والا روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرُّ مَا فِي الرَّجُلِ شُحٌّ هَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بدترین خصلتونکو کہ آدمی مین ہوتی ہین دو خصلتین ہین ایک نہایت بخل اور

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ لَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْاِيْمَانُ فِيْ كِتَابِ الْجِهَادِ اِنْ

اور ذکر کرینگے ہم حدیث ابی ہریرہ کی لایجتمع الشح والایمان کتاب الجہاد مین اگر

شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ بَعْضَ اَزْوَاجِ

چاہیگا اللہ تعالے۔ فصل تیسری روایت ہے حضرت عائشہ سے یہ کہ بعضی بیبیون

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّنَا اَسْرَعُ بِكَ لُحُوْقًا قَالَ اَطْوَلُكُنَّ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نے کہا واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کونسی ہم مین سے جلدی ساتھ آپکو ملنے والی ہے فرمایا جو لنبی ہاتھ مین

يَدًا فَاَخَذُوْا قَصَبَةً يَذْرَعُوْنَهَا وَكَانَتْ سَوْدَةُ اَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَعَلِمْنَا بَعْدُ

ہاتھ کے پہلے مریگی بعد میرے پس لے کیا بانس کرنا پیمتی تھین اوس سے اور تھین سودہ کہ بیوی تھین حضرت کی لنبی ہاتھ مین پھر جانا

اِنَّمَا كَانَ طُوْلُ يَدِهَا الصَّدَقَةَ وَكَانَتْ اَسْرَعَنَا لُحُوْقًا بِهٖ زَيْنَبُ وَكَانَتْ تُحِبُّ

کہ مراد لمبائی ہاتھ سے صدقہ تھا اور تھیں جلد ملنے والیں ہم میں سے ساتھ حضرت کے زینب اور تھیں زینب بی دست

الصَّدَقَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ مُسْلِمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

خیرات کو روایت کی یہ بخاری نے اور مسلم کی روایت میں ہے کہ کہا حضرت عائشہ نے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ اَسْرَعُكُنَّ لُحُوْقًا بِيْ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا قَالَتْ وَكَانَتْ يَتَطَاوَلْنَ اَيَّتُهُنَّ اَطْوَلُ

علیہ وسلم نے جلد تم میں سے ملنے والی ساتھ میرے جو لمبی ہو تم میں سے ہاتھ کے کہا عائشہ نے اور تھیں بی بیان حضرت صلعم کیا

يَدًا قَالَتْ فَكَانَتْ اَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ لِاَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَتَصَدَّقُ

ہاتھوں کی کہ کونسی اوسمیں سے لمبے ہاتھ کی ہے کہا عائشہ نے پس تھیں ہم میں سے لمبے ہاتھ کی زینب اسلیے کہ تھیں وہ کام کرتیں ساتھ ہاتھ اپنے اور

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہا ایک شخص نے کہ البتہ دونگا میں کچھ للہ

فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ سَارِقٍ فَاَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ

پس نکالی خیرات اپنی پس دیا اوسکو چور کے ہاتھ میں پس صبح کی لوگوں نے آپس میں کہ باتیں کرتے تھے کہ صدقہ دیا

عَلٰى سَارِقٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ

چور کو پس کہا اوس شخص نے کہ یا اللہ تیرے ہی لیے تعریف ہے اوپر دینے چور کے البتہ دونگا میں کچھ للہ پس نکالی اوسنے

بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ زَانِيَةٍ فَاَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى

خیرات اپنی پس دیا اوسکو بیچ ہاتھ زنا کرنیوالے کے پس صبح کی لوگوں نے باتیں کرتے تھے کہ خیرات دی گئی اگلی رات

زَانِيَةٍ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى زَانِيَةٍ لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ

زنا کرنیوالیکو پس کہا یا الٰہی تیرے ہی لیے ہے تعریف اوپر خیرات کرنے زنا کرنیوالیکے البتہ خیرات کرونگا میں اور خیرات پس نکالی

بِصَدَقَتِهٖ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ غَنِيٍّ فَاَصْبَحُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى غَنِيٍّ فَقَالَ

خیرات اپنی اور دی خیرات غنی کے ہاتھ میں پس صبح کی لوگوں نے باتیں کرتے تھے کہ خیرات دی گئی اگلی رات دولتمند کو کہا

اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ وَّزَانِيَةٍ وَّغَنِيٍّ فَاُتِيَ فَقِيْلَ لَهٗ اَمَّا صَدَقَتُكَ

یا الٰہی تیرے ہی لیے تعریف ہے اوپر خیرات کرنے چور کے اور زنا کرنیوالیکے اور دولتمند کے پس آیا کہا گیا اوسے خواب میں پس کہا گیا

عَلٰى سَارِقٍ فَلَعَلَّهٗ اَنْ يَّسْتَعِفَّ عَنْ سَرِقَتِهٖ وَاَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا اَنْ

چور پر پس شاید کہ وہ باز رہے چوری سے اور اوپر زنا کرنیوالی پس شاید

ف۱ اور ہی زینب بنت جحش کی حدیث سے سخاوت کی فضیلت معلوم کی چاہیے اور اس حدیث میں بیچزہ ہے کہ کرامت عورت کی بات فرمائی پھر ویسا ہی ہوا ۱۲

ف۲ البتہ دونگا میں کچھ للہ یعنی آجکی رات چپکے سے کی روایت میں ہے

باب الانفاق وکراھیۃ الامساک

ف۳ صدقہ کو چھپا کر نکلنا نظر سے بچانے کیلیے نکلا ۱۲

ف۴ پس کہا گیا واسطے اسکے پہنچی خیرات تیری چور کے پاس کہا گیا

ف۵ زانی کے پاس خیرات پہنچنے سے مقصود یہ ہے کہ زنا سے باز آجائے

ف۶ غنی کے پاس خیرات پہنچنے سے مقصود یہ ہے کہ عبرت پکڑے اور اس کی طرح سخاوت کرے

ف۷ یہ تینوں صدقے قبول ہوئے اس لیے کہ خیرات کرنے والے کی نیت اچھی تھی اور فاسق کافر کی نیت اچھی ہو تو اسکی خیرات قبول ہوتی ہے اور اسکو ثواب ملتا ہے دنیا میں اور آخرت میں عذاب کم ہوتا ہے اسکا ۱۲ منہ

ف۸ یہ حدیث بھی جنت کے ثبوت پر دلیل ہے ۱۲ منہ

تَسْتَعِفَّ عَنْ زِنَاهَا وَاَمَّا الْغَنِيُّ فَلَعَلَّهٗ يَعْتَبِرُ فَيُنْفِقُ مِمَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ

کہ باز رہے زنا اپنے سے اور ایہر دولتمند پس شاید کہ وہ نصیحت پکڑے اور خرچ کرے اوسمین سے کہ دیا اوسکو اللہ نے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَلَفْظُهٗ لِلْبُخَارِيِّ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا

متفق علیہ اور لفظ اسکے بخاری کے لیے ہین۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلعم سے کہ فرمایا اوسنے کہ

رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ فَسَمِعَ صَوْتًا فِي سَحَابَةٍ اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ فَتَنَحَّى

کہ ایک شخص کہ اتہا بیچ جنگل کے زمین ہین سے پس سنی ایک آواز ابر مین کہ کہتا ہو کوئی پانی دے فلانے شخص کے باغکو پہر ایک طرف

ذٰلِكَ السَّحَابُ فَاَفْرَغَ مَاءَهٗ فِي حَرَّةٍ فَاِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْكَ الشِّرَاجِ قَدِ

ابر پس ڈالا پانی اپنا پتھرون کی زمین ہین پس ناگہان ایک نالی نے اون نالیون مین سے تحقیق

اسْتَوْعَبَتْ ذٰلِكَ الْمَاءَ كُلَّهٗ فَتَتَبَّعَ الْمَاءَ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِي حَدِيقَتِهٖ

جمع کیا وہ پانی سارا پس پیچھے چلا وہ شخص پانی کے پس ناگہان ایک شخص تہا کہڑا ہوا اپنے باغمین

يُحَوِّلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهٖ فَقَالَ لَهٗ يَا عَبْدَ اللّٰهِ مَا اسْمُكَ قَالَ فُلَانٌ لِلِاسْمِ الَّذِي

پہیرتا تہا پانیکو ساتہ پھاوڑی اپنی کے پس کہا اوس شخص نے واسطے اوسکے اے بندے خدا کے کیا ہے نام تیرا کہا نام میرا فلانا ہے وہ نام لیا کہ

سَمِعَ فِي السَّحَابَةِ فَقَالَ لَهٗ يَا عَبْدَ اللّٰهِ لِمَ تَسْاَلُنِي عَنِ اسْمِي فَقَالَ اِنِّي سَمِعْتُ

سنا تہا ابر مین پس کہا باغ والے نے پوچہنے والیکو اے بندے خدا کے کیون پوچہتا ہے مجہ سے نام میرا پس کہا اوسواسطے کہ سنی تہی مین نے

صَوْتًا فِي السَّحَابِ الَّذِي هٰذَا مَاؤُهٗ يَقُولُ اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ لِاسْمِكَ

آواز اوس ابر مین کہ یہ پانی اوسکا ہے کہ کہتے تہے وہ آواز پانی دے فلانیکے باغکو واسطے

فَمَا تَصْنَعُ فِيهَا قَالَ اَمَّا اِذْ قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّي اَنْظُرُ اِلٰى مَا يَخْرُجُ مِنْهَا فَاَتَصَدَّقُ

نام تیرے کے پس کیا کرتا ہے تو کہا ایہر سو وقت کہ کہا تو نے یہ تو کہتا ہون تجسے کہ پس تحقیق مین دیکہتا ہون طرف اوسکے کہ حاصل

بِثُلُثِهٖ وَاٰكُلُ اَنَا وَعِيَالِي ثُلُثًا وَاَرُدُّ فِيهَا ثُلُثَهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ اَنَّهٗ

تہائی اوسکا اور کہاتا ہون مین اور کنبہ میرا تہائی اور لگاتا ہون مین تہائی اوسمین تہائی روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنَّ ثَلَاثَةً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَبْرَصَ وَاَقْرَعَ

سنا رسول خدا صلعم کو کہ فرماتے تہے یہ کہ تحقیق تین شخص تہے بنی اسرائیل مین سے ایک کوڑہی اور دوسرا گنجا

وَاَعْمٰى فَاَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ مَلَكًا فَاَتَى الْاَبْرَصَ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ

اور تیسرا اندہا پس ارادہ کیا اللہ تعالی نے یہ کہ آزماوے اونکو پس بہیجا طرف اونکی ایک فرشتہ پس آیا وہ کوڑہی کے پاس پس کہا اوسنے

حدیث سے معلوم ہوا کہ
منافع سے تنہائی مال خدا
کی راہ مین خرچ کرنے کی
اور معلوم ہوا کہ جب
بندے کو جب جگہ کوئی نام
بتلاتے ہین اور جگہ نام
اور اوس کے مالک کا نام
اسکے کہیت اور باغ
فلانے کے ہیں یا نوکر کے
ہین یا کام

سب دینکے کام حسب الحکم
فرشتے کرتے ہین تو مسلمان
کو لازم ہے کہ جو نعمت اسکو
ملے خواہ جان کی خواہ مال
کی تو اپنے رب کی شکرگذاری
کرے اسکو انفاق فی سبیل اللہ
تین دو اوتہائی تہائی
الاخبار) آزماوے اوسکو شکر
ہین یا کا
*۱۲

أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّي الَّذِي قَدْ قَذِرَنِي

بہت پیاری ہے طرف تیری کہا کوڑھی نے رنگ اچھا اور پوست بدنکا اچھا اور جاتی رہی مجھسے وہ چیز کہ گھنیا تے ہین مجھسے

النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَذَرُهُ وَأُعْطِيَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا حَسَنًا

لوگ فرمایا حضرت نے پس ہاتھ پھیرا فرشتے نے اوسپر پس دور ہوئی اوس سے گھن اوسکی اور دیا گیا رنگ اچھا اور پوست اچھا

قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْإِبِلُ أَوْ قَالَ الْبَقَرُ شَكَّ إِسْحٰقُ إِلَّا أَنَّ

کہا فرشتے نے پس کونسا مال بہت محبوب ہے طرف تیری کہا اونٹ . یا کہا گائین شک کیا اسحٰق نے مگر راوی حدیث کا ہی

الْأَبْرَصَ أَوِ الْأَقْرَعَ قَالَ أَحَدُهُمَا الْإِبِلُ وَقَالَ الْآخَرُ الْبَقَرُ قَالَ فَأُعْطِيَ نَاقَةً

کوڑھی نے یا گنجے نے کہا ایک نے اونٹنی ہے اور کہا دوسرے نے گائین فرمایا حضرت نے پس دیا گیا اونٹنی

عُشَرَاءَ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا قَالَ فَأَتَى الْأَقْرَعَ فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ

حاملہ پھر کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تعالیٰ تیری لیے اسمین فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ گنجے کے پاس پس کہا کیا چیز بہت محبوب ہے

إِلَيْكَ قَالَ شَعْرٌ حَسَنٌ وَيَذْهَبُ عَنِّي هٰذَا الَّذِي قَذِرَنِي النَّاسُ قَالَ

طرف تیری کہا بال اچھے اور دور ہوجائے مجھسے یہ چیز کہ گھن کھاتے ہین مجھ سے لوگ فرمایا حضرت نے

فَمَسَحَهُ فَذَهَبَ عَنْهُ قَالَ وَأُعْطِيَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ

پس ہاتھ پھیرا فرشتے نے اوسکے سر پر پس جاتا رہا اوس سے گنج فرمایا حضرت نے اور دیا گیا بال اچھے کہا فرشتے نے پس کونسا مال بہت

قَالَ الْبَقَرُ فَأُعْطِيَ بَقَرَةً حَامِلًا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا قَالَ فَأَتَى الْأَعْمٰى

کہا گائین پس دیا گیا گابھن گائے کو کہا فرشتے نے برکت دے اللہ تجھکو اسمین فرمایا حضرت نے پھر آیا فرشتہ اندھے کے پاس

فَقَالَ أَيُّ شَيْءٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ أَنْ يَرُدَّ اللّٰهُ إِلَيَّ بَصَرِي فَأُبْصِرَ بِهِ النَّاسَ

پس کہا کونسی چیز بہت محبوب ہے طرف تیری کہا یہ کہ دے اللہ طرف میری بینائی میری پس دیکھونگا ساتھ اوسکے لوگونکو

قَالَ فَمَسَحَهُ فَرَدَّ اللّٰهُ إِلَيْهِ بَصَرَهُ قَالَ فَأَيُّ الْمَالِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ الْغَنَمُ

فرمایا حضرت نے پس پھیرا فرشتے نے اوسپر ہاتھ پس عنایت کی اللہ نے اوسکو بینائی اوسکی کہا فرشتے نے پس کونسا مال بہت پیارا

فَأُعْطِيَ شَاةً وَالِدًا فَأَنْتَجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَكَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْإِبِلِ

پس دیا گیا بکری گابھن پس بچہ لیے گوڑھی نے اور گنجے نے اونٹ کو اور گنجے نے اور بچہ لیا اندھے نے بکری کا پس ہوا گوڑھی کے لیے ایک

وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْبَقَرِ وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْغَنَمِ قَالَ

اور گنجے کے لیے ایک جنگل گایونکا اور اندھے کے لیے ایک جنگل بکریون کا فرمایا

لہ گھنا تے ہین مجھسے کراہت کرتے ہین مجھسے یہ چیز کہ گھن کھاتے ہین مجھ سے ۱۲ سکہ کہا ایک نے بالکل نفاق انمین سے اونٹ اوسکا اور دوسرے نے گائے گابھن فک فقط تعین ہوئی کہ کہا تھا نے کیا کہا اور دیا گیا کہا ۱۲ وکراھیۃ الامساک

ثُمَّ اَتَى الْاَبْرَصَ فِيْ صُوْرَتِهٖ وَهَيْاَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِّسْكِيْنٌ وَّابْنُ سَبِيْلٍ اِنْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ اَسْاَلُكَ بِالَّذِيْ اَعْطَاكَ

پھر فرشتہ آیا کوڑھی کے پاس بیچ صورت اپنی کے اور ہیئات اپنی کے پس کہا اوس فرشتے نے کہ میں مرد مسکین ہوں جاتا رہا

اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِيْرًا اَتَبَلَّغُ بِهٖ فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ الْحُقُوْقُ

رنگ اچھا اور جلد اچھی اور مال ایک اونٹ کہ پہنچوں میں بسبب اوسکے بیچ سفر اپنے کے پس کہا (کوڑھی نے)

كَثِيْرَةٌ فَقَالَ اِنِّيْ كَاَنِّيْ اَعْرِفُكَ اَلَمْ تَكُنْ اَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيْرًا

بہت ہیں پس کہا فرشتے نے تحقیق گویا کہ میں پہچانتا ہوں تجکو کیا نہ تھا تو کوڑھی کہ گھنیاتے تھے تجھ سے لوگ اور محتاج تھا

فَاَعْطَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ اِنَّمَا وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ اِنْ كُنْتَ

پس دی تجکو اللہ نے صحت و مال پس کہا (کوڑھی نے) سوا اسکے نہیں کہ وارث کر دانا گیا ہوں میں اس مال کا باپ دادا سے پس کہا

كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰى مَا كُنْتَ قَالَ وَاَتَى الْاَقْرَعَ فِيْ صُوْرَتِهٖ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ

جھوٹا ہیں کر دے تجکو اللہ طرف اوس حالت کے کہ تھا تو فرمایا حضرت نے کہ آیا فرشتہ گنجے کے پاس پہلی صورت اپنی میں پس کہا

مَا قَالَ لِهٰذَا وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلٰى هٰذَا فَقَالَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ

اوسنے کہ کہا تھا کوڑھی کو اور جواب دیا گنجے نے جیسا جواب دیا کوڑھی نے پھر کہا فرشتے نے اگر ہو تو جھوٹا پس کر دے تجکو

اللّٰهُ اِلٰى مَا كُنْتَ قَالَ وَاَتَى الْاَعْمٰى فِيْ صُوْرَتِهٖ وَهَيْاَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِّسْكِيْنٌ وَّابْنُ

اللہ جیسا تھا تو فرمایا حضرت نے اور آیا فرشتہ اندھے کے پاس بیچ صورت اپنی اور شکل اپنی پہلی کے پھر کہا کہ میں مرد

سَبِيْلٍ اِنْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ

مسافر ہوں جاتا رہا میرے پاس سب اسباب بیچ سفر میرے پس نہیں پہنچنا ہو سکتا مجھسو اب مگر ساتھ عنایت اللہ کے پھر

بِكَ اَسْاَلُكَ بِالَّذِيْ رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً اَتَبَلَّغُ بِهَا فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ قَدْ

بسبب تیرے مانگتا ہوں میں تجسے بوسطہ اوس ذات کے کہ دی تجکو بینائی تیری بکری کہ پہنچوں میں بسبب اوسکے سفر اپنے میں پس کہا

كُنْتُ اَعْمٰى فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَيَّ بَصَرِيْ فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَا اَجْهَدُكَ

تھا میں اندھا پھیر پہیری اللہ نے طرف میری بینائی میری پس لے جو چاہے تو اور چھوڑ جو چاہے تو پس قسم ہے اللہ کی نہیں تکلیف

الْيَوْمَ بِشَيْءٍ اَخَذْتَهٗ لِلّٰهِ فَقَالَ اَمْسِكْ مَالَكَ فَاِنَّمَا ابْتُلِيْتُمْ فَقَدْ رُضِيَ عَنْكَ

آج واسطے پھیرنے اور بیچنے کے کسی تو اور واسطے اللہ کے پھر کہا فرشتے نے رکھ تو مال اپنا پس سوا اسکے نہیں کہ آزمایش کیے گئے تم پس تحقیق راضی ہوا

وَسَخِطَ عَلٰی صَاحِبَیْکَ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ اُمِّ بُجَیْدٍ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ

اور غصہ کیا گیا اوپر دونو یارون تیرے کہ متفق علیہ۔ اور روایت ہے ام بجید سے کہ کہا کہا مینے یا رسول اللہ

اللّٰهِ اِنَّ الْمِسْكِيْنَ لَيَقِفُ عَلٰى بَابِيْ حَتّٰى اَسْتَحْيِيْ فَلَا اَجِدُ فِيْ بَيْتِيْ مَا اَدْفَعُ فِيْ

تحقیق مسکین البتہ کھڑا ہوتا ہے میرے دروازے پر یہانتک کہ مین حیا کرتی ہون پس نہین پاتی مین اپنے گھر مین وہ چیز کہ

يَدِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِدْفَعِيْ فِيْ يَدِهٖ وَلَوْ ظِلْفًا مُحْرَقًا رَوَاهُ اَحْمَدُ

اوسکے ہاتھ مین پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دے اوس کے ہاتھ مین اگرچہ ہو کھر جلا ہوا روایت کی یہ احمد

وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَعَنْ مَوْلًى

اور ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت ہے غلام ازد

لِعُثْمَانَ قَالَ اَهْدٰى لِاُمِّ سَلَمَةَ بَضْعَةً مِّنْ لَحْمٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهٗ

حضرت عثمان کے سے کہا تحفہ بھیجا گیا ام سلمہ کو ایک ٹکڑا گوشت کا اور تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ بہاتا تھا اوسکو

اللَّحْمُ فَقَالَتْ لِلْخَادِمِ ضَعِيْهِ فِي الْبَيْتِ لَعَلَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُهٗ فَوَضَعَتْهُ

گوشت پس کہا ام سلمہ نے لونڈی کو رکھدے اس گوشت کو گھر مین شاید نبی صلی اللہ علیہ وسلم نوش کرین اسکو پس رکھدیا

فِيْ كُوَّةِ الْبَيْتِ وَجَاءَ سَائِلٌ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ تَصَدَّقُوْا بَارَكَ اللّٰهُ

گھر کے طاقچہ مین اور آیا مانگنے والا پس کھڑا ہوا دروازے پر پس کہا اے گھر والو تصدق دو برکت دے اللہ

فِيْكُمْ فَقَالُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ فَذَهَبَ السَّائِلُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

تمکو پس کہا گھر والون نے برکت دے اللہ تجکو پس چلا گیا مانگنے والا پھر تشریف لائے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پس کہا

يَا اُمَّ سَلَمَةَ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ اَطْعِمِيْهُ فَقَالَتْ نَعَمْ قَالَتْ لِلْخَادِمِ اذْهَبِيْ فَاْتِيْ رَسُوْلَ

اے ام سلمہ تمہارے پاس کچھ چیز ہے کہ کھاؤ تین اسکو پس کہا ام سلمہ نے کہان کہا لونڈی کو کہ جا پس لا حضرت رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ اللَّحْمِ فَذَهَبَتْ فَلَمْ تَجِدْ فِي الْكُوَّةِ اِلَّا قِطْعَةَ مَرْوَةٍ فَقَالَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وہ گوشت پس گئی لونڈی پس نہ پایا طاقچہ مین مگر ایک ٹکڑا سفید پتھر کا پس فرمایا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ ذٰلِكَ اللَّحْمَ عَادَ مَرْوَةً لِمَ لَمْ تُعْطُوْهُ السَّائِلَ رَوَاهُ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ گوشت ہو گیا پتھر سفید بسبب نہ دینے تمہارے کے سائل کو روایت کی یہ

الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بیہقی نے دلائل النبوۃ مین۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لہ اگرچہ ہو کھر جلا ہوا مقصود بیان قلت ہے دینے مین یعنی کہ ..... کھجور سے رسائل کرے اگر چہ قلت ہے

باب الانفاق
وکراھیۃ الامساک

ألا أخبركم بشر الناس منزلا قيل نعم قال الذي يسئل بالله ولا يعطي به رواه
کیا میں خبر دوں تمکو ساتھ بدترین آدمیوں کے مرتبہ میں نزدیک خدا کے عرض کیا صحابہ نے کہ ہاں خبر دیجیو فرمایا وہ شخص کہ سوال کیا
احمد وعن أبي ذر أنه استأذن على عثمان فأذن له وبيده عصاه
احمد نے۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ آوے ہوں نے پروانگی مانگی حضرت عثمان سے آنیکی پس پروانگی دی اونکو اور تھی اونکے ہاتھ
فقال عثمان ما لك يا كعب إن عبد الرحمن توفي وترك مالا فما ترى فيه فقال
پس کہا عثمان نے اسے کعب تحقیق عبد الرحمن نے وفات پائی اور چھوڑ گئے مال بہت پس کیا کہتے ہو تم اوسکو حق میں
إن كان يصل فيه حق الله فلا بأس عليه فرفع أبو ذر عصاه فضرب كعبا
اگر ادا کرتے تھے عبد الرحمن اوسمیں حق اللہ کا پس نہیں ڈر اوپر پس اوٹھائی ابوذر نے لاٹھی اپنی اور ماری کعب کو
وقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما أحب لو أن لي هذا الجبل ذهبا
اور کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں دوست رکھتا میں اگر ہو واسطے میرے یہ پہاڑ سونا
أنفقه ويتقبل مني إذ خلفني منه ست أواقي أنشدك بالله يا عثمان
کہ خرچ کروں میں اوسکو اور باوجود اوسکے قبول کیا جاوے مجھ سے یہ کہ چھوڑ جاؤں میں اوسمیں سے چھ اوقیہ قسم دیتا ہوں تجھ کو اللہ کی
أسمعته ثلث مرات قال نعم رواه أحمد وعن عقبة ابن الحارث قال
تجھنے بھی سنا ہے اوسکو تین بار کہا عثمان نے کہ ہاں روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے عقبہ بن حارث سے کہ کہا
صليت وراء النبي صلى الله عليه وسلم بالمدينة العصر فسلم ثم قام مسرعا فخطى
پڑھی میں نے پیچھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ میں نماز عصر کی پس سلام پھیرا حضرت نے پھر کھڑے ہوئے جلدی
رقاب الناس إلى بعض حجر نسائه ففزع الناس من سرعته فخرج عليهم
گردنیں لوگوں کی متوجہ ہوئے طرف بعضے حجروں عورتوں اپنی کے پس گھبرائے لوگ جلدی کرنے حضرت سے کیسے پھر نکلے اوپر
فرأى أنهم قد عجبوا من سرعته قال ذكرت شيئا من تبر عندنا فكرهت
پس دیکھا کہ صحابہ نے تعجب کیا جلدی کرنے اونکے سے فرمایا یاد کی میں نے ایک چیز سونے کی کہ نزدیک ہماری تھی پس مکروہ جانا میں نے
أن يحبسني فأمرت بقسمته رواه البخاري وفي رواية له قال كنت خلفت
یہ کہ روکے مجھکو پس حکم کیا میں نے بانٹ دینے اوسکے روایت کی یہ بخاری نے اور ایک روایت بخاری کی میں ہے کہ
في البيت تبرا من الصدقة فكرهت أن أبيته وعن عائشة أنها قالت
گھر میں ایک ڈلا سونے کا زکوۃ میں سے پس مکروہ جانا میں نے یہ کہ رات کو رکھو نہیں اوسکو۔ اور روایت ہے عائشہ سے یہ کہ اونہوں نے کہا

كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِي فِي مَرَضِهِ سِتَّةُ دَنَانِيرَ أَوْ سَبْعَةٌ فَأَمَرَنِي

تہین حضرت رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کی میرے پاس بیماری اوسکی مین چھ اسات دینار یا سات پس حکم کیا مجکو

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُفَرِّقَهَا فَشَغَلَنِي وَجَعُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَأَلَنِي

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ بانٹ دونہین اونکو پھر بازر کہا مجکو بیماری پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نے پھر پوچھا مجکو

عَنْهَا مَا فَعَلَتِ السِّتَّةُ أَوِ السَّبْعَةُ قَالَتْ لَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ شَغَلَنِي وَجَعُكَ

حال اوسکا کیا ہوئین وہ چھ اسات دینار یا سات کہا حضرت عائشہ رضہ نہین بانٹین میرے قسم ہی خدا کی تحقیق بازر کہا مجکو

فَدَعَا بِهَا ثُمَّ وَضَعَهَا فِي كَفِّهِ فَقَالَ مَا ظَنُّ نَبِيِّ اللّٰهِ لَوْ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهٰذِهِ

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سوداگر بڑا سچا بڑا امانت دار ساتھ پیغمبروں اور

الصدیقین والشهداء رواه الترمذی والدارمی والدارقطنی ورواه ابن
صدیقوں اور شہداء کے ہوگا روایت کی یہ ترمذی اور دارمی اور دارقطنی نے اور روایت کی یہ ابن

ماجة عن ابن عمر وقال الترمذی هذا حدیث غریب وعن قیس بن
ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے قیس بن

ابی غرزة قال کنا نسمی فی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم السماسرة فمر بنا رسو
ابی غرزہ سے کہ کہا تھے ہم نام رکھے جاتے تھے بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سماسرہ پس گذرے ہم پر رسول

الله صلی الله علیه وسلم فسمانا باسم هو احسن منه فقال یا معشر التجار ان البیع
خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس نام رکھا ہمارا ساتھ ایک نام کے کہ وہ بہتر ہے پہلے نام سے پس فرمایا اے معشر تجار تحقیق بیع

یحضره اللغو والحلف فشوبوه بالصدقة رواه ابوداود والترمذی
حاضر ہوتا ہے اوسکو بیہودہ اور قسم پس ملاؤ بیع کو ساتھ صدقہ کے نقل کی یہ ابوداؤد اور ترمذی

والنسائی وابن ماجة وعن عبید بن رفاعة عن ابیه عن النبی صلی الله
اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبید بن رفاعہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے نقل کی نبی صلی اللہ

علیه وسلم قال التجار یحشرون یوم القیمة فجارا الا من اتقی وبر وصدق
علیہ وسلم سے فرمایا تاجر حشر کیے جاوینگے دن قیامت کے فاجر مگر جس شخص نے پرہیزگاری کی اور نیکی کی اور سچ بولا

رواه الترمذی وابن ماجة والدارمی وروی البیهقی فی شعب الایمان
نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت کی بیہقی نے شعب الایمان میں

عن البراء وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح باب الخیار
براء سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے ۔ باب ہے بیچ بیان خیار کے

الفصل الاول عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم المتبایعان
فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے والا اور مول لینے والا

کل واحد منهما بالخیار علی صاحبه ما لم یتفرقا الا بیع الخیار متفق علیه و
ہر ایک اونمیں سے واسطے اوسکے اختیار رکھتا ہے اوپر صاحب اپنے کے جبتک کہ جدا نہوں مگر بیع خیار میں متفق علیہ اور

فِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ إِذَا تَبَايَعَ الْمُتَبَايِعَانِ فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ مِنْ بَيْعِهِ مَا

پھر ایک روایت مسلم کے یہ ہے کہ جب وقت خرید و فروخت کریں بائع اور مشتری پس ہر ایک ان میں سے اختیار رکھتا ہے اپنی بیع میں جب تک کہ

لَمْ يَتَفَرَّقَا أَوْ يَكُونُ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ فَإِذَا كَانَ بَيْعُهُمَا عَنْ خِيَارٍ فَقَدْ وَجَبَ

نہ جدا ہوں دونوں یا ہو بیع ان کی بشرط خیار کے پس جب وقت کہ ہو گی بیع ان کی بشرط خیار کے پس تحقیق واجب ہوا اختیار

وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا أَوْ يَخْتَارَا وَفِي الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ

اور ہے ایک روایت ترمذی کے یوں ہے کہ بائع مشتری ساتھ اختیار کے ہیں جب تک کہ نہ جدا ہوں مگر یہ کہ شرط کریں خیار کی اور ہے

أَوْ يَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ اخْتَرْ بَدَلَ أَوْ يَخْتَارَا وَعَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ

کہ کہے ایک ان کا واسطے صاحب اپنے کے شرط کر خیار کی یہ عبارت ہے اختر یا یختار کے واقع ہوئی۔ اور روایت ہے حکیم بن حزام سے کہ کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا فَإِنْ صَدَقَا وَ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بائع اور مشتری ساتھ خیار کے ہیں جب تک کہ نہ جدا ہوں اور اگر بیچ سچ کہیں بائع اور مشتری

بَيَّنَا بُورِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا وَإِنْ كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا مُتَّفَقٌ

بیان کیے برکت دی جاتی ہے واسطے ان دونوں کے بیچ معاملہ بیچنے کی چیز اور نکیے اور اگر چھپایا عیب اور جھوٹ بولے تو دور کی جاتی

عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُخْدَعُ

علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا کہا ایک شخص نے واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق میں فریب دیا جاتا ہوں

فِي الْبُيُوعِ فَقَالَ إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ لَا خِلَابَةَ فَكَانَ الرَّجُلُ يَقُولُهُ مُتَّفَقٌ

بیچ معاملہ بیچ کے پس فرمایا جس وقت کہ بیچ کرے تو پس کہہ نہیں ہے فریب (دین میں) پس کہتا وہ شخص کہتا اس کو متفق

عَلَيْهِ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ

علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے یہ کہ

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا أَنْ تَكُونَ صَفْقَةَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیچنے والا اور مول لینے والا مختار ہیں جب تک کہ نہ جدا ہوں مگر یہ کہ ہو بیع خیار کی اور نہیں ہے

خِيَارٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يُفَارِقَ صَاحِبَهُ خَشْيَةَ أَنْ يَسْتَقِيلَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

خیار شرط ہو اور نہ روا ہے ان میں بائع یا مشتری کو یہ کہ جدا ہو صاحب اپنے سے بخوف اس کے کہ طلب کرے اوس سے اقالہ کو نقل کی یہ ترمذی

وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَفَرَّقَنَّ

اور ابو داؤد اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ جدا ہوں دو بائع

اثنان الا عن تراض رواہ ابوداود الفصل الثالث عن جابر

آپسمیں مگر رضا سے نقل کی یہ ابوداؤد نے ۔ فصل تیسری روایت ہے جابر سے

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر اعرابیا بعد البیع رواہ الترمذی وقال

یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خیار دیا ایک اعرابی کو بیچ بیچنے کے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا

ھذا حدیث صحیح غریب باب الربوا الفصل الاول عن جابر

یہ حدیث صحیح غریب ہے ۔ باب ہے بیچ بیان سود کے فصل پہلی روایت ہے جابر سے

قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکل الربوا وموکلہ وکاتبہ وشاھدیہ و

کہا لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیاج لینے والے کو اور دینے والے کو اور لکھنے والے کو اور گواہوں کو اور

قال ھم سواء رواہ مسلم وعن عبادہ بن الصامت قال قال رسول

فرمایا وہ سب برابر ہیں نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے عبادہ بیٹے صامت کے سے کہ کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذھب بالذھب والفضۃ بالفضۃ والبر بالبر والشعیر

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچا جاوے سونا بدلے سونے کے اور چاندی بدلے چاندی کے اور گیہوں بدلے گیہوں کے اور جو

بالشعیر والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء یدا بید فاذا

بدلے جو کے اور کھجور بدلے کھجور کے اور نمک بدلے نمک کے درحالیکہ سب مانند ہوں ساتھ مانند کے برابر ہوں ساتھ برابر کے دست بدست

اختلفت ھذہ الاصناف فبیعوا کیف شئتم اذا کان یدا بید رواہ

مختلف ہوں یہ قسمیں پس بیچو جسطرح چاہو بشرطیکہ ہو دست بدست نقل کی یہ

مسلم وعن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذھب

مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سونا

بالذھب والفضۃ بالفضۃ والبر بالبر والشعیر بالشعیر والتمر بالتمر

بدلے سونے کے اور چاندی بدلے چاندی کے اور گیہوں بدلے گیہوں کے اور جو بدلے جو کے اور کھجور بدلے کھجور کے

والملح بالملح مثلا بمثل یدا بید فمن زاد او استزاد فقد اربی الاخذ و

اور نمک بدلے نمک کے مانند ساتھ مانند کے ساتھ برابر ہو ساتھ برابر کے دست بدست ہے پس جسنے کہ زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا پس اوسنے

المعطی فیہ سواء رواہ مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دینیوالا اور سمین برابر ہے نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ وَ

نہ بیچو سونا بدلے سونے کے مگر برابر برابر کے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور

لَا تَبِيعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ وَلَا

نہ بیچو چاندی بدلے چاندی کے مگر برابر برابر کے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ

تَبِيعُوا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ

بیچو ان میں سے غائب کو بدلے حاضر کے متفق علیہ۔ اور ایک روایت میں ہے کہ نہ بیچو سونے کو بدلے سونے کے

وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ وَعَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنْتُ أَسْمَعُ

اور نہ چاندی کو بدلے چاندی کے مگر کہ برابر ہو تول میں۔ اور روایت ہے معمر بن عبداللہ سے کہ کہا تھا میں سنتا

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ يَقُولُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے بیچو طعام بدلے طعام کے برابر برابر کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

عمر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا بدلے سونے کے نہ بیاج ہے مگر دست بدست

وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالشَّعِيرُ

اور چاندی بدلے چاندی کے بیاج ہے مگر دست بدست اور گیہوں بدلے گیہوں کے بیاج ہے مگر دست بدست اور جو

بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

بدلے جو کے بیاج ہے مگر دست بدست اور کھجور بدلے کھجور کے بیاج ہے مگر دست بدست متفق علیہ۔

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا

اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عامل کیا ایک شخص کو

عَلَى خَيْبَرَ فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ فَقَالَ أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هَكَذَا قَالَ لَا وَاللهِ يَا رَسُولَ

خیبر پر پس لایا وہ حضرت ﷺ کے پاس کھجور اچھی پس فرمایا حضرت نے کیا سب کھجوریں خیبر کی ایسی ہی ہوتی ہیں کہا کہ نہیں قسم ہے

اللهِ إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هَذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلَاثِ فَقَالَ

تحقیق ہم البتہ لیتے ہیں ایک صاع اچھی میں سے بدلے دو صاع کے اور دو صاع بدلے تین صاع کے پس فرمایا حضرت نے

لَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا وَقَالَ فِي الْمِيزَانِ مِثْلَ

نہ کر ایسا بیچ جمع کو بدلے درہموں کے پھر خرید کر بدلے درہموں کے اچھی کھجوریں اور فرمایا ترازو میں مانند

ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ جَآءَ بِلَالٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اسیکے ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا لائے بلال رضہ طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

بِتَمْرٍ بَرْنِيٍّ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَيْنَ هٰذَا قَالَ كَانَ عِنْدَنَا تَمْرٌ رَدِيٌّ

کھجور اچھے قسم کی پس فرمایا واسطے اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا تونسے لایا یہ کہا تھین نزد ہمارے میرے کھجور ردی ناکارہ

فَبِعْتُ مِنْهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ فَقَالَ اَوَّهْ عَيْنُ الرِّبٰوا عَيْنُ الرِّبٰوا لَا تَفْعَلْ وَلٰكِنْ اِذَا اَرَدْتَ

پس بیچین میںنے اوسے دو صاع ۱؎ بدلے ایک صاع کے پس فرمایا آہ عین سود ہے عین سود ہے ۲؎ نرکہ ولیکن جبوقت کہ ارادہ کرے ۳؎

اَنْ تَشْتَرِيَ فَبِعِ التَّمْرَ بِبَيْعٍ اٰخَرَ ثُمَّ اشْتَرِ بِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ

خریدیگا پس بیچ ۴؎ کھجور ساتھ اور ۵؎ بیع کے پھر خرید کر بدلے اوسکے اچھی کھجور متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا

جَآءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَلَمْ يَشْعُرْ اَنَّهٗ عَبْدٌ فَجَآءَ سَيِّدُهٗ

آیا ایک غلام پس بیعت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ۶؎ ہجرت پر اور نہ معلوم ہوا حضرت صلعم کو کہ یہ غلام ہے پیر آیا مالک اوسکا

يُرِيْدُهٗ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعْنِيْهِ فَاشْتَرٰى بِهٖ عَبْدَيْنِ اَسْوَدَيْنِ وَلَمْ

ڈھونڈتا ہوا اوسکو پس فرمایا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیچ میرے کہ تو اوسکو ۷؎ پس خرید لیا اوسکو بدلے دو غلاموں سیاہ رنگ

يُبَايِعْ اَحَدًا بَعْدَهٗ حَتّٰى يَسْاَلَهٗ اَعَبْدٌ هُوَ اَمْ حُرٌّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ

بیعت کی کسی سے پیچھے اسکے یہانتک کہ پوچھ لیتا اوس سے کہ غلام ہے یہ یا آزاد نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر سے

قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الصُّبْرَةِ مِنَ التَّمْرِ لَا يُعْلَمُ مِكْيَلَتُهَا

کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے تودہ کھجور کے سے کہ نہ معلوم ہو مقدار اوسکی

بِالْكَيْلِ الْمُسَمّٰى مِنَ التَّمْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ اشْتَرَيْتُ

۸؎ بدلے پیمانہ معین کے کھجور سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے فضالہ بیٹے عبید کے سے کہ کہا خریدا میںنے

يَوْمَ خَيْبَرَ قِلَادَةً بِاثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فِيْهَا ذَهَبٌ وَّخَرَزٌ فَفَصَّلْتُهَا فَوَجَدْتُ

۹؎ دن خیبر کے ایک ہار بارہ دینار کو اوسمیں تھا سونا اور نگینے ۱۰؎ پس جدا کیا میںنے اوسکو

فِيْهَا اَكْثَرَ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ دِيْنَارًا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

اوسمیں سونا زیادہ بارہ دینار سے پس ذکر کیا میںنے یہ روبرو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا

لَا تُبَاعُ حَتّٰى تُفَصَّلَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

نہ بیچا جاوے ہار اللہ یہانتک کہ جدا کیا جاوے نقل کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے

۱؎ اس طرح ۱۲ ۲؎ برابر نہیں ۱۲ ۳؎ ارادہ کرے خریدنے کا ۱۲ ۴؎ کھجور ۱۲ ۵؎ اور بیع ۱۲ ۶؎ یعنی پر ہجرت کے ۱۲ ۷؎ یعنی خرید لیا اوسکو ۱۲ ۸؎ یعنی ناپ کر ۱۲ ۹؎ یعنی خیبر کے ۱۲ ۱۰؎ یعنی موتی ۱۲

باب الربوٰ

۱؎ یعنی غلام کے بدلے ۱۲ ۲؎ یعنی ایسا کہ جنس ایک ہو تو برابر ہونا چاہئے اور جہاں جنس ایک نہ ہو تو جائز ہے کہ ایک طرف کھجور زیادہ ہو جس چیز کی ۱۲ ۳؎ اگر دوسری جنس کا پیسہ لیوے تو قبض میں ہونا چاہئے ۱۲ ۴؎ دن خیبر کے یعنی سال خیبر کے ۵؎ یعنی نہ ہو نگینے میں سے نگینہ نکالنے سے ۶؎ تک کہ جدا کیا جاوے نگینوں سے ۱۲

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ قَالَ لَیَاْتِیَنَّ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یَبْقٰی اَحَدٌ اِلَّا

کہ نقل کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا البتہ آویگا آدمیوں پر ایک زمانہ کہ نہیں باقی رہیگا کوئی مگر

اٰکِلُ الرِّبٰوا فَاِنْ لَّمْ یَاْکُلْہُ اَصَابَہٗ مِنْ بُخَارِہٖ وَیُرْوٰی مِنْ غُبَارِہٖ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ

کہانیوالا سود کا پس اگر نہ کھائے گا سود پہنچیگا اوسکو بخار اوسکا اور روایت کیا جاتا ہے غبار اوسکا نقل کی یہ احمد اور

اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ

ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے عبادہ بن صامت سے یہ کہ تحقیق رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ قَالَ لَا تَبِیْعُوا الذَّھَبَ بِالذَّھَبِ وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ وَلَا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ بیچو سونا بدلے سونے کے اور نہ چاندی بدلے چاندی کے اور نہ

الْبُرَّ بِالْبُرِّ وَلَا الشَّعِیْرَ بِالشَّعِیْرِ وَلَا التَّمْرَ بِالتَّمْرِ وَلَا الْمِلْحَ بِالْمِلْحِ اِلَّا سَوَاءً بِسَوَاءٍ

گیہوں بدلے گیہوں کے اور نہ جو بدلے جو کے اور نہ کھجور بدلے کھجور کے اور نہ نمک بدلے نمک مگر برابر برابر

عَیْنًا بِعَیْنٍ یَدًا بِیَدٍ وَلٰکِنْ بِیْعُوا الذَّھَبَ بِالْوَرِقِ وَالْوَرِقَ بِالذَّھَبِ

نقد بدلے نقد کے ہاتھ بہ ہاتھ ولیکن بیچو سونے کو بدلے چاندی کے اور چاندی کو بدلے سونے کے اور

الْبُرَّ بِالشَّعِیْرِ وَالشَّعِیْرَ بِالْبُرِّ وَالتَّمْرَ بِالْمِلْحِ وَالْمِلْحَ بِالتَّمْرِ یَدًا بِیَدٍ کَیْفَ شِئْتُمْ

گیہوں کو بدلے جو کے اور جو کو بدلے گیہوں کے اور کھجور کو بدلے نمک کے اور نمک کو بدلے کھجور کے ہاتھ بہ ہاتھ جسطرح چاہو

رَوَاہُ الشَّافِعِیُّ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

نقل کی یہ شافعی نے۔ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ شِرَاءِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ فَقَالَ اَیَنْقُصُ الرُّطَبُ اِذَا یَبِسَ

علیہ وسلم سے پوچھے گئے خریدنے کھجور خشک کے سے بدلے کھجور تازہ کے فرمایا کیا ہو جاتی ہے کھجور تازی جسوقت کہ

فَقَالَ نَعَمْ فَنَھَاہُ عَنْ ذٰلِکَ رَوَاہُ مَالِکٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ

کہا ہاں پس منع کیا اوسکو اس سے نقل کی یہ مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی

وَابْنُ مَاجَۃَ وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ مُرْسَلًا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے سعید بن المسیب سے بطریق ارسال کے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

نَھٰی عَنْ بَیْعِ اللَّحْمِ بِالْحَیَوَانِ قَالَ سَعِیْدٌ کَانَ مِنْ مَیْسِرِ اَھْلِ الْجَاھِلِیَّۃِ

منع فرمایا بیچنے گوشت کے اسے بدلے حیوان کے کہا سعید نے تھا بیچنا گوشت کا بدلے حیوان کے سو جو کہ جاہلیت کے

رواہ فی شرح السنۃ وعن سمرۃ بن جندب ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی

نقل کی یہ شرح السنہ مین۔ اور روایت ہی سمرہ بن جندب سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا

عن بیع الحیوان بالحیوان نسیئۃ رواہ الترمذی وابوداود والنسائی وابن ماجۃ

بیچنے حیوان کو سے بدلے حیوان کے ادھار بطریق وعدہ کے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ

والدارمی وعن عبداللہ بن عمرو بن العاص ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امر

اور دارمی نے۔ اور روایت ہی عبداللہ بن عمرو بن العاص سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوسکو

ان یجھز جیشا فنفدت الابل فامرہ ان یاخذ علی قلائص الصدقۃ

کہ سامان درست کرے لشکر کا پس تمام ہوئے اونٹ پس حکم کیا اوسکو یہ کہ لیوے اونٹ عوض اونٹ کے

فکان یاخذ البعیر بالبعیرین الی ابل الصدقۃ رواہ ابوداود والفصل

پس تھا وہ عبداللہ لیتا ایک اونٹ بدلے دو اونٹون کے نازمانے آنے اونٹون زکوٰۃ کے نقل کی یہ ابوداؤد نے۔ فصل

الثالث عن اسامۃ بن زید ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا ربوا فی النسیئۃ

تیسری روایت ہی اسامہ بن زید سے یہ کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ بیاج ہی وعدے مین

وفی روایۃ قال لا ربوا فیما کان یدا بید متفق علیہ وعن عبداللہ بن

اور ایک روایت مین فرمایا نہین بیاج اوسچیز مین کہ ہووے دست بدست متفق علیہ۔ اور روایت ہی عبداللہ بن

حنظلۃ غسیل الملائکۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درھم ربوا یاکلہ

حنظلہ غسیل الملائکہ سے کہا عبداللہ نے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک درہم سود کا کہ کھاوے اوسکو

الرجل وھو یعلم اشد من ستۃ وثلثین زنیۃ رواہ احمد والدارقطنی

آدمی اور وہ جانتا ہو بہت زیادہ ہی گناہ مین چھتیس ۳۶ زنا سے نقل کی یہ احمد اور دارقطنی نے

ورروی البیہقی فی شعب الایمان عن ابن عباس وزاد وقال من نبت لحمہ

اور نقل کی بیہقی نے شعب الایمان مین ابن عباس سے اور زیادہ کیا بیہقی نے اس عبارت کو کہ اور کہا حضرت نے

من السحت فالنار اولی بہ وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ

مال حرام سے پس آگ اوسکے لائق تر ہی ساتھ اوسکے۔ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم الربوا سبعون جزا ایسرھا ان ینکح الرجل امہ وعن ابن

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گناہ بیاج کا ستر جزو ہے ادنی اونمین سے یہ ہی کہ صحبت کرے آدمی اپنی ماسے۔ اور روایت ہی ابن

۱ بطریق وعدے کے یعنے جب اور نظر نسیئۃ کے معنے ادھار اور وعدہ ہوتے ہیں اللہ درایت

نہیں ہے کہ اور اس معنے سے دلیل لیوے کوئی اور اسکے الزام سے

۲ ابن ماجہ سے عبداللہ بن عمر کی

۳ بیاج ہی وعدے مین کسی یا درمیان مین

۴ ربا الفضل جنس کسی یا درمیان مین

۵ ربا النسیئۃ

۶ سترجزو ہے یعنے چھ گناہون کا مجموعہ

مسعودٍ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الربوا وان کثر فان عاقبتہ

مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق سود اگرچہ ہو بہت ۔ لیکن انجام اوسکا

تصیر الی قل رواھما ابن ماجۃ والبیھقی فی شعب الایمان وروی احمد الاخیر و

رجوع کرتا ہی طرف کمی کے نقل کیں یہ دونو حدیثیں ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور روایت کی احمد نے اخیر کی اللہ

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتیت لیلۃ اسری بی علی

روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گذرا میں شب معراج میں

قوم بطونھم کالبیوت فیھا الحیات ترٰی من خارج بطونھم فقلت

ایک قوم پر کہ پیٹ اونکے مانند گھروں کے تھے اونمیں سانپ تھے معلوم ہوتے تھے باہر پیٹوں اونکے سے پس کہا میں نے

من ھؤلاء یا جبرئیل قال ھؤلاء اکلۃ الربوا رواہ احمد وابن ماجۃ

کون ہین یہ لوگ اے جبرئیل کہا یہ ہین کہانیوالے سود کے نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے۔

وعن علی انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اکل الربوا وموکلہ وکاتبہ

اور روایت ہی حضرت علی سے کہ سنا میں نے سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ لعنت کرتے تھے سود کے لینیوالے کو اور دینیوالے کو اور دینیوالے کو اور

ومانع الصدقۃ وکان ینھی عن النوح رواہ النسائی وعن عمر بن

اور زکوۃ کے نہ دینیوالے کو اور تھے حضرت منع فرماتے نوحہ کرنے سے نقل کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہی عمر بن

الخطاب ان من اٰخر ما نزلت اٰیۃ الربوا وان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبض

الخطاب سے رضہ یہ کہ سے آخر چیز کے کہ اوتری آیت ربوا کی ہے اور تحقیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم وفات کیئے گیا

ولم یفسرھا لنا فدعوا الربوا والریبۃ رواہ ابن ماجۃ والدارمی و

سے اور نہین کہولا اوسکو واسطے ہمارے پس چھوڑ دو ربوا کو اور سے ریبہ کو نقل کی یہ ابن ماجہ اور داری نے۔ اور

عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقرض احدکم قرضا

روایت ہی انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ دیوے ایک تمہارا قرض

فاھدی الیہ او حملہ علی الدابۃ فلا یرکبہ ولا یقبلھا الا ان یکون

پھر تحفہ بھیجے قرض لینیوالا طرف اوسکی یا سوار کردے اوسکو جانور پس نہ سوار ہو اوسپر اور نہ قبول کرے تحفہ مگر یہ کہ

جرٰی بینہ وبینہ قبل ذلک رواہ ابن ماجۃ والبیھقی فی شعب الایمان

جاری ہو تحفہ بھیجنا اور سواری بھیجنی درمیان قرض لینیوالے اور درمیان قرض دینیوالے کے پہلے اس سے نقل کی یہ ابن ماجہ نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں

وَعَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُکُمُ الرَّجُلَ فَلَا یَاْخُذْ هَدِیَّةً

اور روایت ہے اُنس سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جسوقت کہ قرض دیوے کوئی کسیکو پس نہ لیوے اور اُس سے تحفہ

رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ فِی تَارِیْخِهٖ هٰکَذَا فِی الْمُتَّقٰی وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی

نقل کیا یہ بخاری نے بیچ تاریخ اپنی کے اسی طرح سے ہے منتقی میں۔ اور روایت ہے ابی بردہ بن ابی موسے سے

قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِیْنَةَ فَلَقِیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ سَلَامٍ فَقَالَ اِنَّکَ بِاَرْضٍ

کہا آیا میں مدینہ میں پس ملا میں عبداللہ بیٹے سلام کے سو پس کہا اونہوں نے کہ تحقیق تو بیچ ایسی زمین کے ہے

فِیْهَا الرِّبٰوا فَاشٍ فَاِذَا کَانَ لَکَ عَلٰی رَجُلٍ حَقٌّ فَاَهْدٰی اِلَیْکَ حِمْلَ تِبْنٍ اَوْ

کہ اوسمیں بہت رواج ہے سود کا پس جسوقت کہ ہووے تیرا کسی پر حق پھر تحفہ بھیجے وہ طرف تیری کے ایک بوجھ بھوسے کا یا

حِمْلَ شَعِیْرٍ اَوْ حِمْلَ قَتٍّ فَلَا تَاْخُذْهُ فَاِنَّهٗ رِبًوا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ بَابُ

بوجھ جَو کا یا گٹھا گھاس کا پس نہ لے تو اسکو اسلیے کہ تحقیق سلہ وہ سود کا حکم رکھتا ہے نقل کی بخاری نے۔ باب ہے

الْمَنْهِیِّ عَنْهَا مِنَ الْبُیُوْعِ الْفَصْلُ الْاَوَّلُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

بیچ بیان بیعوں کے کہ منع کیا گیا ہے اونسے فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے

قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ اَنْ یَّبِیْعَ ثَمَرَ حَائِطِهٖ اِنْ کَانَ

کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ سے اور مزابنہ یہ کہ بیچے میوہ باغ اپنے کا اگر ہو

نَخْلًا بِتَمْرٍ کَیْلًا وَّاِنْ کَانَ کَرْمًا اَنْ یَّبِیْعَهٗ بِزَبِیْبٍ کَیْلًا اَوْ کَانَ وَعَنْدَ

میوہ کھجور کے خشک کھجور کے ماپے اور اگر ہو میوہ انگور بیچے اوسکو بدلے انگور خشک کے ماپے سے یا ہو اور کتاب

مُسْلِمٍ وَّاِنْ کَانَ زَرْعًا اَنْ یَّبِیْعَهٗ بِکَیْلِ طَعَامٍ نَهٰی عَنْ ذٰلِکَ کُلِّهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

مسلم میں ہے اور اگر ہو باغ کھیتی بیچے اوسکو بدلے ماپنے غلہ کے منع کیا اس سب سے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَفِیْ رِوَایَةٍ لَهُمَا نَهٰی عَنِ الْمُزَابَنَةِ قَالَ وَالْمُزَابَنَةُ اَنْ یُّبَاعَ مَا فِیْ رُءُوْسِ

اور ایک روایت بخاری اور مسلم کی میں یوں ہے کہ منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنت سے فرمایا اور مزابنت بیچنا میوہ کا ہے کہ اوپر درختوں

النَّخْلِ بِتَمْرٍ کَیْلٍ مُسَمًّی اِنْ زَادَ لِیْ وَاِنْ نَقَصَ فَعَلَیَّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰی

پر بجوز کے ہے بدلے کھجور روں خشک کے ساتھ ماپنے معین کے بیچے بایں یہ کہ اگر زیادہ نکلے میوہ درخت کا پس واسطے میرے ہے اور اگر کم نکلے پس اوپر میرے ہے

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةُ اَنْ یُّبَاعَ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرت سے اور محاقلت سے اور مزابنت سے اور محاقلت یہ ہے کہ بیچے

الرَّجُلُ الزَّرْعَ بِمِائَةِ فَرَقِ حِنْطَةٍ وَالْمُزَابَنَةُ أَنْ يَبِيعَ التَّمْرَ فِي رُؤُسِ النَّخْلِ بِمِائَةِ

آدمی کھیتی کو بدلے سو فرق گیہوں کے اور مزابنت یہ ہے کہ بیچے کھجور کو درختوں پر بدلے سو

فَرَقٍ وَالْمُخَابَرَةُ كِرَاءُ الْأَرْضِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ

فرق کھجور کے اور مخابرت کرایہ کو دینا زمین کا ہی تہائی پر یا چوتھائی پر نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا

نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ وَ

منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلت اور مزابنت سے اور مخابرت سے اور معاومت سے اور

عَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ

ثنیا سے اور رخصت دی بیچ عرایا کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے سہل بن ابی حثمہ سے کہ کہا

نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ التَّمْرِ بِالتَّمْرِ إِلَّا أَنَّهُ رَخَّصَ فِي الْعَرِيَّةِ

منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے میوہ کے سے درخت پر بدلے خشک کھجور کے مگر یہ کہ رخصت دی عریہ میں

أَنْ تُبَاعَ بِخَرْصِهَا تَمْرًا يَأْكُلُهَا أَهْلُهَا رُطَبًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

یہ کہ بیچا جاوے میوہ درخت پر شہ سا تہ اندازہ کرنے اسکے حالت خشک ہونے میں کہا وے اس کو اہل اسکے تازہ متفق علیہ اور روایت ہے

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا مِنَ التَّمْرِ فِيمَا دُونَ

یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی بیچ بیچنے عرایا کے ساتہ اندازہ کرنے اوسکے خشک کھجوروں سے بیچ اوسچیز کے کم

خَمْسَةِ أَوْسُقٍ أَوْ فِي خَمْسَةِ أَوْسُقٍ شَكَّ دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

پانچ وسق سے ہو یا بیچ پانچ وسق کے شک کیا داؤد بن حصین راوی نے متفق علیہ۔ اور

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى يَبْدُوَ

روایت ہے عبد اللہ بیٹے عمر کے سے کہ منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے پھل کے سے یہانتک کہ ظاہر ہو

صَلَاحُهَا نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَهَى عَنْ بَيْعِ

بہتری اوسکی منع کیا بیچنے والے کو اور لینے والے کو متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی میں منع فرمایا بیچنے

النَّخْلِ حَتَّى تَزْهُوَ وَعَنِ السُّنْبُلِ حَتَّى يَبْيَضَّ وَيَأْمَنَ الْعَاهَةَ وَعَنِ الثَّمَرِ

پھل کھجور کے سے یہانتک کہ سرخ و زرد ہو اور منع کیا بیچنے خوشہ کھیتی کے سے یہانتک کہ پختہ ہو اور امن میں ہو آفت سے۔ اور روایت ہے انس سے

قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتَّى تُزْهِيَ قِيلَ وَمَا تُزْهِي قَالَ

کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے میوہ کے سے یہانتک کہ خوشرنگ ہو کہا گیا کیا معنی ہیں خوشرنگ ہو سکنے فرمایا

حَتّٰی تُثْمِرَ وَقَالَ اَرَاَیْتَ اِذَا مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ بِمَ یَاْخُذُ اَحَدُکُمْ مَالَ اَخِیْهِ

یہانتک کہ سرخ ہو اور فرمایا خبر دو جبوقت کہ منع کرے اللہ تعالیٰ میوہ کو کس سبب سے لیوے ایک تمہارا مال تم بھائی اپنے کا

مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ السِّنِیْنَ

متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے سالیانہ کے سے

وَاَمَرَ بِوَضْعِ الْجَوَائِحِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

اور حکم کیا ساتھ موقوف کرنے آفتوں کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ بِعْتَ مِنْ اَخِیْكَ ثَمَرًا فَاَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَلَا یَحِلُّ لَكَ اَنْ تَاْخُذَ مِنْهُ

علیہ وسلم اگر بیچا تو نے اپنے بھائی کے کچھ میوہ پس پہنچی اوسکو آفت کہ ہلاک کیا اوسکو تو پس نہیں حلال ہے تجکو لینا اوس سے

شَیْئًا بِمَ تَاْخُذُ مَالَ اَخِیْكَ بِغَیْرِ حَقٍّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانُوْا

کچھ کس سبب سے لیتا ہے مال بھائی اپنے کا بغیر حق کے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا تھے

یَبْتَاعُوْنَ الطَّعَامَ فِیْ اَعْلَی السُّوْقِ فَیَبِیْعُوْنَهُ فِیْ مَكَانِهٖ فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

خریدتے لوگ غلہ بیچنے جانب بلندی بازار کے پھر بیچتے ڈالتے اوسکو تہ اوسی جگہ پس منع کیا اونکو رسول خدا

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِهٖ فِیْ مَكَانِهٖ حَتّٰی یَنْقُلُوْهُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَلَمْ اَجِدْهُ فِی الصَّحِیْحَیْنِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے اوسکے سوا اوسی جگہ میں یہانتک کہ نقل کریں اوسکو نقل کی یہ ابو داؤد نے اور نہیں پایا میں نے اوسکو صحیحین میں

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِیْعُهٗ حَتّٰی

اور روایت ہے اوسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ خریدے غلہ پس نہ بیچے اوسکو یہانتک کہ

یَسْتَوْفِیَهٗ وَفِیْ رِوَایَةٍ اِبْنِ عَبَّاسٍ حَتّٰی یَكْتَالَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنِ ابْنِ

پورا لے اوسکو اور بیچ روایت ابن عباس کے یہانتک کہ کیل کرلے اوسکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن

عَبَّاسٍ قَالَ اَمَّا الَّذِیْ نَهٰی عَنْهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ الطَّعَامُ اَنْ یُّبَاعَ

عباس سے کہا وہ چیز کہ منع کیا اوس سے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس وہ غلہ ہے کہ منع کیا ہے بیچنے اوسکے سے

حَتّٰی یُقْبَضَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَا اَحْسِبُ كُلَّ شَیْءٍ اِلَّا مِثْلَهٗ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

یہانتک کہ قبض کیا جاوے کہا ابن عباس نے اور نہیں گمان کرتا میں ہر چیز کو مگر مانند غلہ کے متفق علیہ۔

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِلْبَیْعِ وَلَا یَبِیْعُ بَعْضُكُمْ عَلٰی بَیْعِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا نہ آگے جاملو تم قافلہ سے واسطے مول لینے کے اور نہ بیچے بعض تمہارا

بعض وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ

بعض کرے اور نہ نجش کرو اور نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے اور نہ جمع کرو دودھ اونٹ اور بکری کا تھنوں میں اور جو شخص خرید کرے

ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ أَنْ يَحْلُبَهَا إِنْ رَضِيَهَا أَمْسَكَهَا وَإِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا

جمع کرنے کے پس وہ مختار ہے کہنے اور پھیرنے میں بعد دوہنے اوسکے اگر راضی ہوا اوس سے تو رکھے اور اگر ناراض ہو تو پھیر دیوے اوسکو

وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ مَنِ اشْتَرَى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ

اور ایک صاع کھجور کا نقل کرتے ہیں بخاری اور مسلم نے اور ہم ایک روایت مسلم کی لائے ہیں کہ جو کوئی خریدے بکری مصراۃ کو پس وہ

بِالْخِيَارِ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ فَإِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ وَعَنْهُ

مختار رکھتا ہے تین دن تک پھیرنے کا اور اوسکو تو سنگ پھیرے ساتھ اوسکے ایک صاع کھجور نہ گیہوں۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا الْجَلَبَ فَمَنْ تَلَقَّاهُ فَاشْتَرَى مِنْهُ فَإِذَا

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ آگے جا ملو تم قافلے سے کہ لایا ہو غلہ وغیرہ پھر جو ملا اوس سے اور خرید لا اوس سے

أَتَى سَيِّدُهُ السُّوقَ فَهُوَ بِالْخِيَارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

آوے مالک اوسکا بازار میں پس وہ مختار ہے درمیان پھیرنے اور رکھنے کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ حَتّٰى يُهْبَطَ بِهَا إِلَى السُّوقِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ آگے جا ملو اسباب سے یہانتک کہ اتارا جاوے اسباب طرف بازار کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيعُ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ أَخِيهِ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچے آدمی اوپر بیچ بھائی اپنے کے اور نہ بھیجے پیغام نکاح کا اوپر

خِطْبَةِ أَخِيهِ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ

پیغام نکاح بھائی اپنے کے مگر یہ کہ پروانگی دے واسطے اوسکے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسُومُ الرَّجُلُ عَلٰى سَوْمِ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ چکاوے آدمی اوپر چکانے بھائی مسلمان اپنے کے نقل یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقِ

حضرت جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے چھوڑو دو لوگوں کو کہ روزی دے

اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى

اللہ بعض اونکیکو بعض سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا منع کیا

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَیْنِ وَعَنْ بَیْعَتَیْنِ نَھٰی عَنِ الْمُلَامَسَۃِ وَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طرح کے پہناوے سے اور دو طرح کے بیچنے سے منع کیا ملامسہ سے اور

الْمُنَابَذَۃِ فِی الْبَیْعِ وَالْمُلَامَسَۃُ لَمْسُ الرَّجُلِ ثَوْبَ الْاٰخَرِ بِیَدِہٖ بِاللَّیْلِ اَوْ بِالنَّھَارِ وَلَا یُقَلِّبُہٗ اِلَّا

منابذت سے بیچنے میں اور ملامسہ یہ ہے کہ آدمی کا اپنا ہاتھ دوسرے کے کپڑے کو رات میں یا دن میں اور نہ الٹے اور سکو لیکن مگر

بِذٰلِکَ وَالْمُنَابَذَۃُ اَنْ یَّنْبِذَ الرَّجُلُ اِلَی الرَّجُلِ بِثَوْبِہٖ وَیَنْبِذَ الْاٰخَرُ ثَوْبَہٗ وَیَکُوْنَ

بسبب اسکے اور دوسری بیع منابذہ وہ یہ ہے کہ پھینکے ایک شخص طرف دوسرے کے کپڑا اپنا اور پھینکے دوسرا اپنا کپڑا اور ہووے

ذٰلِکَ بَیْعُھُمَا عَنْ غَیْرِ نَظَرٍ وَلَا تَرَاضٍ وَاللِّبْسَتَیْنِ اِشْتِمَالُ الصَّمَّآءِ وَالصَّمَّآءُ

یہ بیع اوکی بغیر دیکھنے کے اور بغیر رضامندی کے اور دو طرح کے پہناوے سے منع کیا ایک تو پہننا کپڑا بطریق

اَنْ یَّجْعَلَ ثَوْبَہٗ عَلٰی اَحَدِ عَاتِقَیْہِ فَیَبْدُوْ اَحَدُ شِقَّیْہِ لَیْسَ عَلَیْہِ ثَوْبٌ وَّ

یہ ہے کہ ڈالے کپڑا ایک مونڈھے پر اور ظاہر ہووے ایک جانب اوسکی کہ نہو اوسپر کوئی کپڑا اور دوسرا

اللِّبْسَۃُ الْاُخْرٰی اِحْتِبَآءُہٗ بِثَوْبِہٖ وَھُوَ جَالِسٌ لَیْسَ عَلٰی فَرْجِہٖ مِنْہُ شَیْءٌ مُتَّفَقٌ

پہناوا یہ ہے کہ گوٹ مارنے کپڑے سے اسحالیں کہ وہ بیٹھا ہو نہو اوسکی شرمگاہ پر اوس کپڑے میں سے کچھ متفق

عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْحَصَاۃِ وَ

علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سے بیع حصات کی سے اور

عَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

بیع غرر کی سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

عَنْ بَیْعِ حَبَلِ الْحَبَلَۃِ وَکَانَ بَیْعًا یَتَبَایَعُہٗ اَھْلُ الْجَاھِلِیَّۃِ کَانَ الرَّجُلُ یَبْتَاعُ

بیچنے حمل سے حمل کی اور تھی یہ بیع ایک بیع کہ کرتے تھے اوسکو اہل جاہلیت تھا آدمی کہ خریدتا

الْجَزُوْرَ اِلٰی اَنْ تُنْتَجَ النَّاقَۃُ ثُمَّ تُنْتَجُ الَّتِیْ فِیْ بَطْنِھَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْہُ

اونٹ کو یہاں تک کہ بچہ لیجاوے اونٹنی پھر بچہ لے جاوے وہ کہ بچہ پیٹ اوسکو کی ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے

قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ جَابِرٍ

کہ کہا منع کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جفت کروانے نر کے سے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے جابر سے

قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ ضِرَابِ الْجَمَلِ وَعَنْ بَیْعِ الْمَآءِ وَ

کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کرایہ جفت کرنے اونٹ کے سے اور بیچنے پانی اور

الْأَرْضِ لِتُحْرَثَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ

زمین کے سے تاکہ کھیتی کی جاوے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی جابر سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے

فَضْلِ الْمَاءِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

پانی کے سے کہ زیادہ ہو حاجت سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لِيُبَاعَ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُبَاعَ بِهِ الْكَلَأُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

کہ نہ بیچا جاوے زیادہ پانی تاکہ بیچی جاوے بسبب اوسکے گھاس متفق علیہ۔ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ تحقیق رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَى صُبْرَةِ طَعَامٍ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهَا فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا

صلی اللہ علیہ وسلم گذرے اوپر تودی غلہ کے پس داخل کیا ہاتھ اپنا تودی میں پس پایا اوانگلیوں حضرت نے تری کو

فَقَالَ مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ قَالَ أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ أَفَلَا جَعَلْتَهُ

پس فرمایا کیا ہی یہ تری سے اے مالک غلہ کے کہا پہنچا تھا اسکو مینہ یا رسول اللہ فرمایا کیوں نہ کیا تو نے اسکو

فَوْقَ الطَّعَامِ حَتَّى يَرَاهُ النَّاسُ مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّي رَوَاهُ مُسْلِمٌ **اَلْفَصْلُ**

اوپر کی جانب غلہ کے تاکہ دیکھتے اوسکو لوگ جو فریب دے پس سے نہیں مجھ سے نقل کی یہ مسلم نے۔ فصل

الثَّانِي عَنْ جَابِرٍ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الثُّنْيَا إِلَّا أَنْ تُعْلَمَ

دوسری روایت ہی جابر سے کہ کہا تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا سے استثنا کرنے سے مگر یہ کہ جانا جاوے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ

نقل کیا یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی حضرت انس سے کہ کہا منع کیا سے رسول خدا صلعم نے بیچنے انگور کے سے

حَتَّى يَسْوَدَّ وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتَّى يَشْتَدَّ هٰكَذَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ

یہانتک کہ سیاہ ہو جاوے اور منع کیا بیچنے غلہ کے سے یہانتک کہ سخت ہو جاوے اسیطرح سے روایت کیا اسکو ترمذی اور

عَنْ أَنَسٍ وَالزِّيَادَةُ الَّتِي فِي الْمَصَابِيحِ وَهِيَ قَوْلُهُ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى تَزْهُوَ

انس سے اور زیادتی کہ مصابیح میں ہی وہ قول اوسکا کہ منع کیا بیچنے کھجور کے سے یہانتک کہ خوشہ کھجور کا

إِنَّمَا ثَبَتَتْ فِي رِوَايَتِهِمَا عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى تَزْهُوَ وَقَالَ

یہ زیادتی ثابت نہیں ہوئی ہی روایت ترمذی اور ابوداؤد کے سے کہ ابن عمر سے اسطرح کہ کہا ابن عمر نے کہ منع کیا حضرت صلعم نے بیچنے کھجور کا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہی ابن عمر سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

کہا اس وجہ سے کہ اسکی روایت میں ہے ۱۲

یعنی ایک شخص کا جنگل میں کنواں ہو اور اس کے اس جنگل سے زیادہ پانی نکلے اور اس پانی اس کنوئیں کے سوا اور کہیں سے جواب کنوئیں والا پانی نہ لے پیوے قیمت کے بدلے اور اس بہانے سے گویا گھاس کی قیمت لیوے یہ حرام ہے ۱۲

اے مالک غلہ کے اپنے غلہ کے اوپر نہ رکھا تاکہ لوگ دیکھیں اور کیوں نہ لیا تری پہچانی اور کیوں نہ لیا تو نے اسکو بیچنے کے واسطے ۱۲

یعنی جب تک کہ سیاہ نہ ہو جاوے ۱۲

یعنی جب تک کہ سخت نہ ہو جاوے ۱۲

یعنی جب تک کہ سیاہ نہ ہو جاوے ۱۲

یعنی جب تک کہ خوشہ کھجور کا سیاہ نہ ہو جاوے ۱۲

یعنی جب تک کہ سخت نہ ہو جاوے ۱۲

یعنی جب تک کہ خوشہ کھجور کا سیاہ نہ ہو جاوے ۱۲

نهی عن بیع الکالی بالکالی رواه الدارقطنی وعن عمرو بن شعیب عن ابیه

منع فرمایا ہے بیچنے نسیہ کو نسیہ سے اسکو نقل کیا دارقطنی نے اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے

عن جده قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیع العربان رواه مالك و

اور انہوں نے نقل کی اپنے دادا سے کہا منع فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع عربان کی اسکو نقل کیا ہے مالک اور

ابوداود وابن ماجة وعن علی قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن

ابوداود اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے حضرت علی سے کہ کہا منع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

بیع المضطر وعن بیع الغرر وعن بیع الثمرة قبل ان تدرك رواه ابوداود

بیچنے مضطر کے سے اور بیچنے غرر کیسے اور بیچنے میوے کے سے پہلے پختہ ہونے کے نقل کی یہ ابوداود نے

وعن انس ان رجلا من کلاب سأل النبی صلی الله علیه وسلم عن عسب الفحل فنهاه

اور روایت ہے انس سے کہ ایک شخص نے قوم کلاب میں سے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نر کرانے کی اجرت سے پس منع

فقال یا رسول الله انا نطرق الفحل فنکرم فرخص له فی الکرامة رواه

پھر عرض کیا اسنے یا رسول اللہ ہم عاریۃ دیتے ہیں نر کو پھر انعام دیے جاتے ہیں ہم پس اجازت دی حضرت نے اوسکو بیچنے میں

الترمذی وعن حکیم بن حزام قال نهانی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان

ترمذی نے۔ اور روایت ہے حکیم بن حزام سے کہا منع کیا مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ

ابیع ما لیس عندی رواه الترمذی وفی روایة له ولابی داود والنسائی

بیچوں میں اوسچیز کو کہ نہیں نزد میرے نقل کی یہ ترمذی نے اور ہے ایک روایت ترمذی اور ابوداود اور نسائی کے یوں ہے

قال قلت یا رسول الله یاتینی الرجل فیرید منی البیع ولیس عندی فابتاع

کہا حکیم نے کہا میں نے یا رسول اللہ آتا ہے میرے پاس ایک شخص پس ارادہ کرتا ہے مجھ سے خریدنے کی ایک چیز کا اور نہیں ہوتی وہ

له من السوق قال لا تبعه ما لیس عندك وعن ابی هریرة قال نهی رسول

واسطے اوسکے بازار سے فرمایا نہ بیچ اوسچیز کو کہ نہیں نزد ایک تیرے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا منع کیا رسول

الله صلی الله علیه وسلم عن بیعتین فی بیعة رواه مالك والترمذی وابوداود

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیعوں سے بیچ ایک بیع کے نقل کی یہ مالک اور ترمذی اور ابوداود

والنسائی وعن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال نهی رسول الله

اور نسائی نے۔ اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہ کہا منع فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِي صَفْقَةٍ وَاحِدَةٍ رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْهُ قَالَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیعوں سے ایک بیع ایک عقد کے نقل کی یہ شرح السنہ مین۔ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِي بَيْعٍ وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین حلال قرض اور بیع اور نہین درست ہین دو شرطین کرنی بیع مین

يُضْمَنْ وَلَا بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ

ضمان مین آئی اوسکی اور نہین درست بیچنا اوسچیز کا کہ نہین نزدیک تیرے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسای نے اور کہا

التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ أَبِيعُ الْإِبِلَ بِالْبَقِيعِ

ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہا تھا مین بیچتا اونٹون کو بقیع

بِالدَّنَانِيرِ فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّرَاهِمَ وَأَبِيعُ بِالدَّرَاهِمِ فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّنَانِيرَ

دینارونکو نقیع مین پھر لیتا مین بدلے دینار کے درہم اور بیچتا مین اونٹونکو بدلے درہمونکے اور لیتا مین بدلے درہمونکے دینار

فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَا بَأْسَ أَنْ تَأْخُذَهَا بِسِعْرِ

پھر آیا مین پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ذکر کیا مین یہ واسطے اونکے پس فرمایا نہین مضائقہ کہ لیوے تو موافق نرخ

يَوْمِهَا مَا لَمْ تَفْتَرِقَا وَبَيْنَكُمَا شَيْءٌ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَ

اوسدن کے جب تک کہ نہ جدی ہو تم ایک دوسرے سے اسحال مین کہ درمیان تمہارے ہو کوئی چیز نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور

الدَّارِمِيُّ وَعَنِ الْعَدَّاءِ بْنِ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ أَخْرَجَ كِتَابًا هٰذَا مَا اشْتَرَى

دارمی نے۔ اور روایت ہے عداء بن خالد بن ہوذہ سے کہ نکالا ایک خط کہا اوسمین لکھا تھا کہ یہ خط خریدنے

الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بْنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى مِنْهُ

عداء بن خالد بن ہوذہ کا ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خریدا اوسنے

عَبْدًا أَوْ أَمَةً لَا دَاءَ وَلَا غَائِلَةَ وَلَا خِبْثَةَ بَيْعَ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

غلام یا لونڈی نہین بیماری اور نہین دھوکا اور نہین بری اسمین خرید ہے مسلمان کی مسلمان سے نقل کی یہ ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاعَ حِلْسًا

اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے انس سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچا ٹاٹ

وَقَدَحًا فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِي هٰذَا الْحِلْسَ وَالْقَدَحَ فَقَالَ رَجُلٌ أَخُذُهُمَا بِدِرْهَمٍ

اور پیالہ پس فرمایا کون خریدتا ہے اس ٹاٹ اور پیالہ کو پس کہا ایک شخص نے لیتا ہون مین ان دونکو

فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّزِیْدُ عَلٰی دِرْھَمٍ فَاَعْطَاہُ رَجُلٌ دِرْھَمَیْنِ فَبَاعَھُمَا

پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہے کہ زیادہ دے ایک درہم پر پس دیدیا اونکو ایک شخص نے دو درہمین پس بیچا اون دونو

مِنْہُ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ

اوس شخص کے تانیہ نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ۔ فصل تیسری روایتیں سے

وَاثِلَۃَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ بَاعَ عَیْبًا لَّمْ یُبَیِّنْہُ

واثلہ بن اسقع سے کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ بیچے عیب دار چیز کو

لَمْ یَزَلْ فِیْ مَقْتِ اللّٰہِ اَوْ لَمْ تَزَلِ الْمَلٰئِکَۃُ تَلْعَنُہٗ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ بَابٌ

ہمیشہ رہتا ہے بیچ غضب الٰہی کے یا فرمایا ہمیشہ فرشتے لعنت کرتے ہین اوسکو نقل کی یہ ابن ماجہ نے یہ باب ہے متعلق پہلے باب کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ

فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص خریدے

نَخْلًا بَعْدَ اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُھَا لِلَّذِیْ بَاعَھَا اِلَّا اَنْ یَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا

درخت کھجور کا بعد تابیر کے پس پھل میوہ اوسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنیوالا اور جو شخص کہ خریدے غلام

وَلَہٗ مَالٌ فَمَالُہٗ لِلَّذِیْ بَاعَہٗ اِلَّا اَنْ یَّشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَرَوَی الْبُخَارِیُّ

اور واسطے اوسکے ہو مال پس مال اوسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنیوالا نقل کی یہ مسلم نے اور روایت کیا بخاری نے

الْمَعْنٰی الْاَوَّلَ وَحْدَہٗ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّہٗ کَانَ یَسِیْرُ عَلٰی جَمَلٍ لَّہٗ قَدْ اَعْیٰی فَمَرَّ

پہلا جملہ فقط ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ وہ تھے چلتے اپنے اونٹ پر ، کہ تحقیق تھک گیا تھا پھر گذرے

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِہٖ فَضَرَبَہٗ فَسَارَ سَیْرًا لَیْسَ یَسِیْرُ مِثْلَہٗ ثُمَّ قَالَ بِعْنِیْہِ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جابر پر پس مارا حضرت صلعم نے اونٹ کو پس چلا چلنا کہ نہین چلتا تھا مانند اوسکے پھر فرمایا حضرت صلعم نے

بِوُقِیَّۃٍ قَالَ فَبِعْتُہٗ فَاسْتَثْنَیْتُ حُمْلَانَہٗ اِلٰی اَھْلِیْ فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِیْنَۃَ

ساتھ وقیہ کے کہا جابر نے پس بیچا مینے اوس اونٹ کو اور شرط کی مینے سواری اوسکی اپنے گھر تک پس جب آیا مین مدینہ

اَتَیْتُہٗ بِالْجَمَلِ وَنَقَدَنِیْ ثَمَنَہٗ وَفِیْ رِوَایَۃٍ فَاَعْطَانِیْ ثَمَنَہٗ وَرَدَّہٗ عَلَیَّ مُتَّفَقٌ

لایا مین حضرت صلعم کے پاس اونٹ اور دیا مجھکو مول اوسکا اور ایک روایت مین ہے کہ پس دیا مجھکو مول اوسکا اور پھیر دیا اونٹ مجھپر متفق

عَلَیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلْبُخَارِیِّ اَنَّہٗ قَالَ لِبِلَالٍ اِقْضِہٖ وَزِدْہُ فَاَعْطَاہُ وَزَادَہٗ

علیہ اور ایک روایت بخاری کی مین یہ ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے بلال کو کہ دے جابر کو مول اونٹ کا اور زیادہ دے کچھ

قِيرَاطًا وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ بَرِيرَةُ فَقَالَتْ إِنِّي كَاتَبْتُ عَلَى تِسْعِ

لے ایک قیراط۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رضی سے کہا آئی بریرہ اور کہا کہ میں مکاتبت کی تھی میں نو

أَوَاقٍ فِي كُلِّ عَامٍ وُقِيَّةٌ فَأَعِينِينِي فَقَالَتْ عَائِشَةُ إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ

اوقیہ پر کہ ہر سال میں ایک وقیہ دونگی پس مدد کر میری پھر کہا حضرت عائشہ رضی نے بریرہ کو اگر چاہیں مالک تیرے یہ کہ

أَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً وَأُعْتِقَكِ فَعَلْتُ وَيَكُونُ وَلَاؤُكِ لِي فَذَهَبَتْ

دوں میں اوقیہ اونکو ایک مرتبہ میں سب اور آزاد کر دوں میں تجھکو تو کر دوں میں اور ہو حق ولا تیرا کا مجھکو پس گئی بریرہ

إِلَى أَهْلِهَا فَأَبَوْا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

طرف مالکوں اپنی کے پس نہ مانا اونھوں نے مگر اسطرح سے کہ ہو حق ولاء کا ہمارے لیے پھر فرمایا رسول خدا صلعم نے عائشہ

خُذِيهَا وَأَعْتِقِيهَا ثُمَّ قَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى

کے لے اوسکو اور آزاد کر اوسکو پھر خطبہ فرمایا حضرت رسول خدا صلعم نے لوگوں میں پس حمد کی اللہ کی اور تعریف کی

عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَا بَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُونَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ

اوسکی پھر فرمایا پیچھے اسکے کیا حال ہے اون لوگوں کا کہ کرتے ہیں شرطیں کہ نہیں وہ کتاب

اللهِ مَا كَانَ مِنْ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ

اللہ میں جو شرط کہ نہیں کتاب اللہ میں پس وہ باطل ہے اگرچہ ہوں سو شرطیں

فَقَضَاءُ اللهِ أَحَقُّ وَشَرْطُ اللهِ أَوْثَقُ وَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

پس حکم اللہ کا لائق تر ہے کہ عمل کیا جاوے اوسپر اور شرط اللہ کی مضبوط تر ہے اور سوا اسکے نہیں کہ حق ولاء واسطے اوسکے ہے کہ آزاد کرے

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ

اور روایت ہے ابن عمر سے کہا منع کیا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے ولاء کے سے اور ہبہ کرنے اوسکے سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

عَنْ مَخْلَدِ بْنِ خُفَافٍ قَالَ ابْتَعْتُ غُلَامًا

متفق علیہ۔ فصل دوسری روایت ہے مخلد بن خفاف سے کہ کہا خریدا میں نے ایک غلام

فَاسْتَغْلَلْتُهُ ثُمَّ ظَهَرْتُ مِنْهُ عَلَى عَيْبٍ فَخَاصَمْتُ فِيهِ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ

پس لی میں نے کمائی اوسکی پھر مطلع ہوا میں اوس سے عیب پر پس جھگڑا لیگیا میں اوس غلام کے مقدمہ میں طرف عمر بن عبد العزیز کے

فَقَضَى لِي بِرَدِّهِ وَقَضَى عَلَيَّ بِرَدِّ غَلَّتِهِ فَأَتَيْتُ عُرْوَةَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ

پس حکم کیا واسطے میرے ساتھ پھیر دینے غلام کے اور حکم کیا مجھپر ساتھ پھیر دینے کمائی اوسکی پس آیا میں عروہ بن زبیر کے پاس اور خبر دی میں نے اونکو پس کہا عروہ نے

اردوح الیہ العشیۃ فاخبرہ ان عائشۃ اخبرتنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جاؤنگا یعنی طرف عمر بن عبد العزیز کے آخر روز اور خبر دونگا میں اوسکو یہ کہ حضرت عائشہ نے خبر دی مجھکو یہ کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

قضی فی مثل ھذا ان الخراج بالضمان فراح الیہ عروۃ فقضی لی ان اخذ

حکم دیا مانند اس قصہ کے یہ کہ سلعہ منفعت بدلے ضمان کے ہو پس گیا طرف عمر بن عبد العزیز کے عروہ پس حکم کیا عمر بن عبد العزیز نے

الخراج من الذی قضی بہ علی لہ رواہ فی شرح السنۃ وعن عبد اللہ

کہ ای غلام کی اوس شخص سے کہ حکم کیا تھا ساتھ اوسکے پھیر دیا اوسکو اوسکی نقل کی یہ شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے عبد اللہ

ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اختلف البیعان فالقول قول

بن مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جبوقت کہ خلاف کریں بیچنے اور خریدنے پس قول قول

البائع والمبتاع یا الخیار رواہ الترمذی وفی روایۃ ابن ماجۃ والدارمی

بیچنے والیکا ہے اور لینے والے کا اختیار ہے نقل کی یہ ترمذی نے اور بیہقی روایت ابن ماجہ اور دارمی کے ان سے

قال البیعان اذا اختلفا والمبیع قائم بعینہ ولیس بینھما بینۃ فالقول

کہ فرمایا حضرت نے بیچنے والا اور لینے والا جبوقت کہ خلاف کریں اور وہ چیز کہ بکی ہے قائم ہو جو نکی توں اور نہ ہو درمیان اون دونوں کے گواہ

ما قال البائع او یترادان البیع وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ

وہ ہے کہ کہا بیچنے والے نے یا پھیر دیں دونو بیع کو۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم من اقال مسلما اقالہ اللہ عثرتہ یوم القیمۃ رواہ ابو داود

صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ پھیر دی بیع مسلمان کو بخشیگا اوسکو اللہ تعالی گناہ اوسکے دن قیامت کو نقل کی یہ ابو داؤد

وابن ماجۃ وفی شرح السنۃ بلفظ المصابیح عن شریح الشامی مرسلا

اور ابن ماجہ نے اور بیہقی شرح السنہ کے یہ حدیث مذکور ہے ساتھ اون الفاظ کے کہ مصابیح میں ہے شریح شامی سے بطریق ارسال

الفصل الثالث عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فصل تیسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

اشتری رجل ممن کان قبلکم عقارا من رجل فوجد الذی اشتری

خریدی ایک شخص نے اون لوگوں میں سے کہ تھے پہلے تمسے زمین سے ایک شخص سے پس پائی اوس شخص نے کہ خریدی تھی

العقار فی عقارہ جرۃ فیھا ذھب فقال الذی اشتری العقار خذ ذھبک

زمین سے بیچ زمین اپنی کے ایک ٹھلیا کہ اوسمیں تھا سونا پس کہا بیچنے والیکو اوس شخص نے کہ لے تو یہ زمین لے سونا اپنا

عَنِّیْ اِنَّمَا اشْتَرَیْتُ الْعَقَارَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْكَ الذَّهَبَ فَقَالَ بِعْ الْاَرْضَ اِنَّمَا

مجھ سے زمین خریدی میں نے گھر زمین اور میں نے خریدا تجھ سے سونا پس کہا بیچ دے زمین کے لئے کہ زمین

بِعْتُكَ الْاَرْضَ وَمَا فِیْهَا فَتَحَاكَمَا اِلٰی رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِیْ تَحَاكَمَا اِلَیْهِ اَلَكُمَا

بیچی میں نے تیرے کہ ہمراہ زمین اور جو چیز اوسمیں ہے پس قصہ گئے دونو طرف ایک شخص کے پس کہا اوس شخص نے کہ قصہ لے گئے تم طرف دسکے کیا تم کو اولاد

وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِیْ غُلَامٌ وَقَالَ الْاٰخَرُ لِیْ جَارِیَةٌ فَقَالَ اَنْكِحُوا الْغُلَامَ

اولاد پس کہا ایک نے اونمیں سے کہ میرے کو ان لڑکا ہے اور کہا دوسرے نے کہ میرے کو ان لڑکی ہے پھر کہا اوس شخص نے کہ نکاح کرو اوس لڑکے کا

الْجَارِیَةَ وَاَنْفِقُوْا عَلَیْهِمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقُوْا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ بَابُ السَّلَمِ وَ

لڑکی سے اور خرچ کرو اوپر اوس دونے سے ملہ اور خیرات دو متفق علیہ۔ باب ہے بیچ بیان سلم کے اور

الرَّهْنِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی

گروی کے فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہا تشریف لائے رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَهُمْ یُسْلِفُوْنَ فِی الثِّمَارِ السَّنَةَ وَالسَّنَتَیْنِ وَالثَّلٰثَ فَقَالَ

علیہ وسلم مدینہ میں اور مدینہ کے لوگ بیع سلم کرتے تھے میوہ میں ایکسال تک اور دو سال تک اور تین سال تک پس فرمایا

